سوال نمبر 1: (الف) درج ذیل کی اصطلاحی تعریفات تحریر کریں۔ (2×10)

(1) تشبیہ (2) تشبیہ بلیغ (3) تشبیہ تمثیل (4) استعارہ مکنیہ
(5) استعارہ مرشحہ (6) مجاز مرکب (7) کنایہ
(8) توریہ (9) تدبیج (10) ادماج

سوال نمبر 2: (الف) اغراض تشبیہ میں سے کوئی سی 5 مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

(ب) مجاز مرسل کے علاقوں میں سے کوئی سے 5 مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر 3: وینقسم باعتبار المکنی عنه الی ثلاثة اقسام------

(الف) اقسام ثلاثہ مع تعریفات و امثلہ تحریر کریں۔ (10)

ومن المجاز العقلی

(ب) مجاز عقلی کی صورتوں میں سے کوئی سی 5 مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر 4: (الف) علم بدیع کی تعریف تحریر کریں، محسنات لفظیہ محسنات معنویہ سے کیا مراد ہے؟ (2+2+4=)

(ب) درج ذیل محسنات معنویہ کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔ (2+1×4=12)

(1) جمع (2) تفریق (3) طی ونشر (4) مغایرت

سوال نمبر 5: ینقسم التشبیه باعتبار طرفیة الی اربعة اقسام

(الف) طرفین کے مفرد و مرکب ہونے کے اعتبار سے تشبیہ کی اقسام اربعہ مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

والطرفان اماحسیان

(ب) طرفین کے حسی و عقلی ہونے کے اعتبار سے تشبیہ کی اقسام مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر 6: (الف) محسنات لفظیہ میں سے درج ذیل کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔ (2+1×5)

(1) تشابہ الاطراف (2) عکس (3) تصدیر (4) تشریع (5) قلب

(ب) مجاز مرسل اور استعارہ کی تعریف تحریر کریں۔ (5)

منطق

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے، بقیہ میں سے کوئی سے 3 سوال حل کریں۔

سوال نمبر1: والذی له معنی واحد علی ثلاثة اضرب۔۔۔۔۔۔

(الف) لفظ مفرد کی وحدتِ معنی کے اعتبار سے اقسام مع تعریفات وامثلہ، وجوہ تسمیہ تحریر کریں۔ (15)

المرکب الناقص علی انحاء

(ب) مرکب ناقص کی اقسام مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر2: الکلیات خمس

(الف) کلیات خمسہ کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔ (15)

الاجناس العالیة عشرة

(ب) اجناس عالیہ کون کونسی ہیں نام تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر3: الحملیة ضربان

(الف) قضیہ حملیہ کی اقسام مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں نیز قضیہ حملیہ کتنے اجزاء سے مرکب ہوتا ہے؟ وضاحت مع امثلہ تحریر کریں۔ (15)

الشرطیة المنفصلة علی ثلاثة اضرب

(ب) قضیہ شرطیہ منفصلہ کی اقسام مع تعریفات، امثلہ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر4: (الف) متقدمین کے نزدیک عکس نقیض کیا ہے؟ نیز محصورات اربعہ کا عکس نقیض کیا آئے گا مع امثلہ تحریر کریں۔ (15)

(ب) شکل ثالث کے نتیجہ دینے کی شرائط تحریر کریں، نیز اسکی ضروب ناتجہ مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر5: (الف) درج ذیل کی تعریفات تحریر کریں۔ (5×3=15)

(1) استقراء (2) تمثیل (3) برھان (4) اوّلیات (5) تجربیات

البرھان قسمان

(ب) برھان کی اقسام مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں۔ (10)

نحو

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے، بقیہ میں سے کوئی سے 3 سوال حل کریں۔

سوال نمبر1: (الف) تاکید کی تعریف نیز اسکی اقسام کی وضاحت مع امثلہ تحریر کریں۔ (15)

وفصله من البدل لفظاً فى مثل انا ابن التارك البكرى بشر

(ب) عطف بیان کی تعریف کرتے ہوئے درج ذیل عبارت کی وضاحت کافیہ کی روشنی میں تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر2: و"ما" الاسمية موصولة، واستفهامية، وشرطية وموصوفة وتامة بمعنى "شئ" وصفة ومن كذلك الا فى التامة والصفة واى وأية "كمن" وهى معربة وحدها الا اذا حذف صدر صلتها وفى "ما ذا صنعت" وجهان

(الف) درج ذیل عبارت کی وضاحت کافیہ کی روشنی میں کریں۔ (15)

ومنذ ومذ بمعنى اول المدة فيليهما المفرد المعرفة وبمعنى الجميع فيليهما المقصود بالعدد

(ب) درج ذیل عبارت کی وضاحت کافیہ کی روشنی میں کریں۔ (10)

سوال نمبر3: واذا كان المعدود مؤنثا واللفظ مذكرا او بالعكس فوجهان ولا يميز واحد واثنان استغناء بلفظ التمييز عنها رجل ورجلان لافادته النص المقصود بالعدد

(الف) درج ذیل عبارت کی وضاحت کافیہ کی روشنی میں کریں۔ (15)

(ب) اسم فاعل کی تعریف اور اس کے عمل کی شرائط کافیہ کی روشنی میں لکھیں۔ (10)

سوال نمبر4: (الف) اسم تفضیل کی تعریف، اسکے "افعل" کے وزن پر آنے کی شرط نیز اسکے استعمال کے طریقے کافیہ کی روشنی میں تحریر کریں۔ (15)

(ب) فعل متعدی اور غیر متعدی کی تعریف نیز فعل متعدی کی اقسام مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر5: ويجوز تقدم اخبارها كلها على اسمائها وهى فى تقديمها عليها على ثلاثة اقسام

(الف) افعال ناقصہ کے بارے میں درج ذیل عبارت کی وضاحت کافیہ کی روشنی میں کریں۔ (15)

(ب) درج ذیل کی تعریفات کافیہ کی روشنی میں تحریر کریں۔ (2×5=10)

(1) مبنی (2) صفت (3) اسم موصول (4) اصوات (5) علم

خصوصی پرچہ

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: (الف) خالی جگہ پر کریں۔ (20)

(1) لفیف وہ کلمہ ہے جس کے حروف۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں 2 حروف علت ہوں۔

(2) فعل مجہول وہ فعل جس کی نسبت۔۔۔۔۔۔۔۔ کی طرف کی گئی ہو۔

(3) لائے نہی فعل مضارع پر داخل ہو کر لفظی عمل وہی کرتا ہے جو لفظ۔۔۔۔۔۔۔۔ کرتا ہے۔

(4) صفت مشبہ کے صیغے صرف فعل۔۔۔۔۔۔۔ سے آتے ہیں۔

(5) ثلاثی مجرد سے اسم ظرف۔۔۔۔۔۔۔ وزن پر آتا ہے۔

(6) جار مجرور کا متعلق لفظوں میں موجود ہو تو جار مجرور کو۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(7) جو اعراب ضمہ، فتحہ اور کسرہ کی صورت میں ہو اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(8) صرف۔۔۔۔۔۔۔۔ قسم کے الفاظ معرب ہوتے ہیں۔

(9) جو اسم بعد والے جملے سے مل کر کلام کا جز بنے اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(10) ای اور اية معرب ہیں لہٰذا ان کا اعراب۔۔۔۔۔۔۔ آئے گا۔

سوال نمبر 2: درج ذیل عبارت پر اعراب لگائیں۔ (20)

والثالث ما اضمر عامله على شريطة التفسير وهو كل اسم بعده فعل اوشبهه مشتغل عنه بضميره او متعلقهلوسلط عليه هو او مناسبه لنصبه مثل زيدا ضربته۔

سوال نمبر 3: (الف) سوال نمبر 2 کے خط کشیدہ الفاظ کی وجوہ اعراب تحریر کریں۔ (10)

(ب) مندرجہ ذیل جملوں کی ترکیب نحوی کریں۔ (10)

(1) مذومنذ لابتداء الغاية فى الزمان الماضى

(2) ترفع الاسم ان لم يكن ذالك الاسم مضافا

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (20)

(1) تاکید لفظی اور معنوی کی تعریف تحریر کریں۔

(2) معطوف، معطوف اليه، عطف بیان اور مُبَیَّنْ کی تعریف تحریر کریں۔

(3) اسم كنايه، كماستفهاميه، اور كم خبريه کی تعریف بیان کریں۔

(4) مصدر کتنی اور کس طرح استعمال ہوتا ہے؟

(5) اسم فاعل پر ال نہ ہو تو اس کے عمل کرنے کی کون کون سی شرائط ہیں؟

(6) ادغام وعدم ادغام کے اعتبار سے اِذَّکَرَ میں کتنی اور کون کون سی صورتیں ہیں؟

(7) ثلاثی مزید فیه کے کتنے اور کون کونسے ابواب ہیں؟

(8) رباعی مجرد اور رباعی مزید فیه کے کتنے ابواب ہیں؟

(9) فعل ماضی استمراری کی تعریف اور بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔

(10) ام الابواب اور فروع الابواب کون کونسے ہیں؟

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل صیغوں کی مکمل صرفی تحقیق کرتے ہوئے معلل صیغوں کی تعلیل بیان کریں۔ (20)

اِسْتَكْبَرُوْا لَنُخْرِجَنَّ لَتَعُوْدُنَّ اِفْتَرَيْنَا عُدْنَا

وَسِعَ تَوَكَّلْنَا اِفْتَحْ اِتَّبَعْتُمْ اَخَذَتْ

ترجمۃ القرآن

نوٹ: سوال نمبر5 لازمی ہے باقی کوئی 3 سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1: وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِينَ وَحَفِظْنَاهَا مِن كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ

(الف) ترجمہ کریں۔ (10)

(ب) عبارت میں مذکور افعال کی صرفی تحقیق کریں۔ (15)

سوال نمبر2: وَيَدْعُ الْإِنسَانُ بِالشَّرِّ دُعَاءَهُ بِالْخَيْرِ وَكَانَ الْإِنسَانُ عَجُولًا

(الف) ترجمہ کریں۔ (10)

(ب) یدع، انسان، دعا، عجول، خیر کے حروف اصلیہ بیان کریں۔ (15)

سوال نمبر3: قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكَ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ إِن سَأَلْتُكَ عَن شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي قَدْ بَلَغْتَ مِن لَّدُنِّي عُذْرًا

(الف) ترجمہ کریں۔ (16)

(ب) مکمل صیغے بیان کریں۔ (9)

لم اقل　　لن تستطیع　　قد بلغت

سوال نمبر4: (الف) درج ذیل الفاظ کے معانی بیان کریں۔ (10)

(1) بُرُوْج　(2) رَجِيْم　(3) عَجُوْل　(4) عُذْرٌ　(5) نَاظِرِيْنَ
(6) زَيَّنَّا　(7) يَدْعُ　(8) لَنْ تَسْتَطِيْعَ　(9) تُصْحِبْ　(10) بَلَغْتَ

(ب) ابواب بیان کریں۔ (15)

(1) جَعَلْنَا　(2) زَيَّنَّا　(3) يَدْعُ　(4) تَسْتَطِيْعُ　(5) لَمْ اَقُلْ
(6) سَالَتُ　(7) يَوَدُّ　(8) ذَرْ　(9) يُلْهِي　(10) كُنْتَ
(11) خَلَتْ　(12) اِسْتَرَقَ　(13) اَلْقَيْنَا　(14) سُكِّرَتْ　(15) تَأْتِيْنَا

سوال نمبر5: (الف) مفردات کے جمع تحریر کریں۔ (10)

(1) قَرْيَةٌ　(2) قَلْب　(3) رسول　(4) الارض　(5) ریح
(6) سماء　(7) نار　(8) مَلَكٌ　(9) جزء　(10) عیون

(ب) جمع کے مفردات لکھیں نیز ہفت اقسام میں کیا ہے؟ بیان کریں۔ (15)

(1) حَافِظُوْنَ　(2) نَاظِرِيْنَ　(3) مستاخرون　(4) عِبَادٌ　(5) مُتَّقِيْنَ

فقہ

نوٹ: کوئی سے 5 سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: (الف) کون سی دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں؟ قدوری شریف کی روشنی میں ضابطہ بھی بیان فرمائیں۔ (10)

(ب) متعہ کسے کہتے ہیں؟ اور کن صورتوں میں شوہر پر عورت کے لیے متعہ واجب یا مستحب ہوتا ہے؟ (10)

سوال نمبر 2: واذا اضاف الطلاق الی جملتها اوالی مایعبره عن الجملة وقع الطلاق

(الف) عبارت پر اعراب لگائیں نیز مذکورہ ضابطے کی وضاحت کرتے ہوئے اس کی کم از کم 5 مثالیں بیان فرمائیں۔ (10)

واذا قال انت علی حرام سئل عن نیته

(ب) قدوری شریف کی روشنی میں مذکورہ مسئلہ کی 4 صورتیں اور ان کے حکم بتائیں۔ (10)

سوال نمبر 3: واذا وقعت الفرقة بین الزوجین فالام احق بالولد

(الف) ماں نہ رہے تو پھوپھی، خالہ، دادی، نانی، اور باپ شریک یا ماں شریک بہنوں میں سے کون اس بچے کا حقدار ہے؟ سب کی ترتیب بیان کریں۔ (10)

القتل علی خمسة اوجه

(ب) قتل کی پانچوں اقسام کے نام اور ان کا حکم بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر 4: (الف) احصان کی کیا شرائط ہیں۔ نیز بتائیں کہ حد قذف اور حد شرب کیا ہے؟ (10)

(ب) یمین کی تینوں اقسام کی تعریف اور حکم بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر 5: ویقطع یمین السارق من الزند وتحسم

(الف) مسئلہ مذکورہ کی وضاحت کریں نیز بتائیں کہ دوسری اور تیسری مرتبہ چوری کرنے کی کیا سزا ہے؟ (10)

البینة علی المدعی والیمین علی من انکر

(ب) منکر سے کن امور میں حلف نہیں لیا جائے گا؟ ائمہ احناف کا اختلاف بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر 6: (الف) لعان کا طریقہ بیان کریں نیز یہ بتائیں کہ لعان کے سبب واقع ہونے والی فرقت طلاق ہے یا حرمت مؤبدہ؟ (10)

کل دیة وجبت بنفس القتل علی العاقلة

(ب) مسئلہ مذکورہ کی وضاحت کریں نیز بتائیں کہ عاقلہ سے کیا مراد ہے؟ (10)

اُصولِ فقہ

نوٹ: کوئی سے 4 سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: النهي عن التصرفات الشرعية يقتضي تقريرها

(الف) مذکورہ عبارت میں بیان کیے گئے اصول شرعی کو ثابت کریں نیز اس سے متفرع ہونے والے مسائل بیان کریں۔ (15)

منها ان النص اذا قرئ بقراءتين او روي بروايتين كان العمل به على وجه يكون عملا بالوجهين اولى

(ب) مذکورہ عبارت کی وضاحت اصول الشاشی کی روشنی میں تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر2: (الف) بامعنی حروف کی بحث میں سے کسی دو پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (15)

(ب) وجوہ بیان کتنے اور کون سے ہیں؟ نیز بیان عطف پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (10)

سوال نمبر3: كانت الرواة على ثلاثة اقسام

(الف) راویوں کی اقسام ثلاثہ بیان کریں۔ (10)

الراوي في الاصل قسمان

(ب) علم و اجتہاد کے اعتبار سے راویوں کی دونوں اقسام بیان کریں نیز ان سے ثابت شدہ روایت پر عمل کا حکم تحریر کریں۔ (15)

سوال نمبر4: (الف) اجماع کی اقسام تحریر کریں نیز بتائیں فقہ میں کون سا اجماع معتبر ہے؟ (15)

(ب) اجماع مرکب اور غیر مرکب کی تعریف مع امثلہ تحریر کریں نیز مجتہد پر کیا کیا واجب ہے؟ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر5: (الف) صحت قیاس کی شرائط بیان کریں نیز ایک کی مثال کے ذریعے وضاحت کریں۔ (15)

(ب) قیاس شرعی پر جامع نوٹ لکھیں۔ (10)

بلاغت

نوٹ: 5 سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: (الف) علم البیان، تشبیہ کی تعریف بیان کریں۔ (10)

(ب) ارکان تشبیہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ مثال سے وضاحت کریں۔ (10)

سوال نمبر2: الغرض من التشبيه

(الف) اغراض تشبیہ کتنی ہیں؟ کسی دو کی امثلہ سے وضاحت کریں۔ (10)

فلان يتكلم بالدرر

(ب) عبارت کا ترجمہ کرتے ہوئے بتائیں کہ کس چیز کی مثال دی گئی ہے؟ وضاحت کریں۔ (10)

سوال نمبر3: (الف) استعارہ کی تعریف کرتے ہوئے استعارہ مصرحہ مکنیہ کی وضاحت مثال کے ساتھ کریں۔ (10)

(ب) استعارہ مرشحہ کی تعریف مع مثال لکھیں۔ (10)

سوال نمبر4: هو مجاز علاقته غير المشابهة

(الف) دروس البلاغۃ میں غیر مشابہت کے کتنے علاقے بیان کیے گئے ہیں؟ تعداد بتائیں اور دو کی وضاحت کریں۔ (10)

(ب) مجاز مرکب اور مجاز عقلی کی تعریف کریں۔ (10)

سوال نمبر5: البديع علم يعرف به وجوه تحسين الكلام المطابق لمقتضى الحال و هذه الوجوه ما يرجع منها الى تحسين المعنى يسمى بالمحسنات اللفظية

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (10)

(ب) کسی دو محسنات معنویہ کی وضاحت کریں۔ (10)

سوال نمبر6: تعریفات لکھیں۔ (20)

(1) ادماج (2) تلويح (3) تشبيه جمع (4) مفروق (5) المواربه

منطق

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے بقیہ میں سے کوئی 3 سوال حل کریں۔

سوال نمبر1: المتکثر المعنٰی لہ اقسام عدیدۃ

(الف) لفظ مفرد کی کثرت معنی کے اعتبار سے کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ کوئی سی 3 کی تعریفات مع امثلہ بیان کریں۔ (15)

(ب) کلی کے افراد کے خارج میں پائے جانے یا نہ پائے جانے کے اعتبار سے کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ وجہ حصر کی صورت میں مع امثلہ بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر2: (الف) جزی حقیقی اور جزی اضافی کی تعریف مع امثلہ کریں نیز ان دونوں میں کونسی نسبت پائی جاتی ہے؟ بیان کریں۔ (10)

(ب) فصل کی تعریف کرتے ہوئے اسکی اقسام مع تعریفات و امثلہ تحریر کریں۔ نیز مقوم اور مقسم سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔ (15)

سوال نمبر3: معرف الشی مایحمل علیہ لافادۃ تصورہ

(الف) عبارت مذکورہ کی وضاحت کریں۔ تعریف کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ مع امثلہ تحریر کریں۔ (15)

(ب) قضیہ حملیہ کتنے اجزا سے مرکب ہوتا ہے؟ مثال دیکر تفصیلی وضاحت کریں۔ (10)

سوال نمبر4: (الف) سور کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ محصورات اربعہ سے کیا مراد ہے؟ مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

(ب) حرف سلب کے موضوع و محمول کے جز بننے یا نہ بننے کے اعتبار سے قضیہ کی اقسام مع امثلہ تفصیلاً تحریر کریں۔ (15)

سوال نمبر5: درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات لکھیں۔ (25)

(1) تناقض	(2) عکس مستوی	(3) عکس نقیض
(4) قیاس	(5) شکل اول	(6) نوع

نحو

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے۔ بقیہ میں سے کوئی 3 سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: من ثم حسن قام رجل قاعدغلمانه وضعف قاعدون غلمانه

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ نیز یہ بتائیں کہ پہلی مثال حسن اور دوسری مثال ضعیف کیوں ہے؟ (15)

لایسوغ المنفصل الالتعذر المتصل

(ب) ضمیر منفصل کن صورتوں میں لانی جائز ہے؟ مثالوں کیساتھ وضاحت کریں۔ (10)

سوال نمبر2: کم عمة لک یا جریر وخالة ثلاثة اوجه

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ نیز تینوں صورتوں کی ترکیبی وجہ بیان کریں۔ (15)

(ب) جمع کی تعریف بیان کرتے ہوئے یہ بتائیں کہ جمع مذکر سالم کو لانے کی کیا شرائط ہیں مع امثلہ بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر3: لاارى كوادى السباع حين يظلم واديا   اقل به ركب اتوه تاية واخوف الا ما وقى الله ساريا

(الف) مذکورہ شعر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز یہ بتائیں کہ مصنف یہ شعر کس قاعدے کی مثال میں لائے ہیں؟ (15)

(ب) افعال قلوب کا کیا عمل ہے؟ اور ان کا عمل کب لغو ہوتا ہے؟ مثالوں سے بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر4: افعال المدح والذم ماوضع لانشاء مدح اوذم فمنها نعم وبئس

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ نیز نعم اور بئس کے فاعل کی کتنی اور کون کونسی صورتیں ہیں؟ مثالوں سے بیان کریں۔ (15)

(ب) اِنَّ اور اَنَّ کے پڑھنے کے مقامات مع امثلہ بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر5: درج ذیل اصطلاحات میں سے 10 کی تعریفات کافیہ کی روشنی میں تحریر کریں۔ (25)

(1) عطف	(2) بدل	(3) مبنی	(4) تابع
(5) نعت	(6) ضمیر	(7) اسمموصول	(8) اسم اشارہ
(9) اسم عدد	(10) مونث حقیقی	(11) مستثنٰی	(12) فعل

خصوصی پرچہ

نوٹ: تمام سوال حل کریں۔

سوال نمبر1: صحیح / غلط کی نشاندہی کریں۔ (20)

(1) جس حرکت یا حرف سے مبنی کا آخر بدلتا ہے اسے اعراب کہتے ہیں۔ (2) حال اور ذوالحال منصوب ہوتے ہیں۔

(3) تمام افعال سماعی ہوتے ہیں۔ (4) کبھی اسم کی دوسرے اسم کی طرف نسبت کرنا اضافت کہلاتا ہے۔

(5) کسی بھی فعل میں ایک شخص کی دو ضمیریں فاعل اور مفعول بن سکتی ہیں۔ (6) اگر کلمہ میں ایک ہمزہ ہو تو اس کی تخفیف واجب ہوتی ہے۔

(7) فعل نفی تاکید بلن فعل مضارع کو ماضی کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔ (8) ثلاثی مجرد سے فعل تعجب کے تین اوزان ہیں۔

(9) باب افعِیعَال میں عین کلمہ کا تکرار اور ان کے درمیان تاء زائدہ ہوتی ہے۔ (10) باب مفاعلہ میں فاء کلمہ کے بعد الف زائدہ ہوتا ہے۔

سوال نمبر2: مندرجہ ذیل عبارت کو اعراب سے مزین کریں۔ (20)

یجوز النفل قاعدا مع القدرة علی القیام لکن له نصف اجر القائم الا من عذر و یقعد کالمتشهد فی المختار و جاز اتمامه قاعدا

سوال نمبر3: (الف) سوال نمبر 02 کے خط کشیدہ کلمات کی وجوہ اعراب تحریر کریں۔ (10)

(ب) مندرجہ ذیل جملوں کی ترکیب نحوی کریں۔ (10)

(1) کان سیدنا رسول الله منقطعا عن الخلق (2) انت تسکن فی القریة

سوال نمبر4: مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات تحریر کریں۔ (20)

(1) جمع کثرت کے کوئی 8 اوزان مع امثلہ تحریر کریں۔

(2) اسم فاعل کون کون سے اسماء کو نصب دیتا ہے کوئی چار امثلہ کے ساتھ تحریر کریں۔

(3) صفت مشبہ کی تعریف اور عمل کی شرائط سپرد قلم کریں۔

(4) ہفت اقسام کے نام تحریر کرتے ہوئے کسی دو کی تعریف سپرد قلم کریں۔

(5) مہموز کی وجوبی تخفیف کے کوئی سے 2 قاعدے تحریر کریں۔

سوال نمبر05: (الف) مندرجہ ذیل صیغوں کی مکمل صرفی تحقیق کریں۔ (15)

(1) لاتضربن (2) لَا تقل (3) لَا تَمْشِ (4) لَا یُحِبُّ (5) لَا تُصَعِّرْ

(ب) "یُحْکٰی" کی مکمل صرفی تحقیق کرتے ہوئے تعلیل سپرد قلم کریں۔ (5)

6 سالہ سوالیہ پرچہ جات
درجہ
رابعہ
جامعۃ المدینہ (دعوتِ اسلامی)

تفسیر

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین حل فرمائیں۔

سوال نمبر 1: **رب السماوات والأرض ومابينهماورب المشارق** أي والمغارب للشمس ولها كل يوم مشرق ومغرب **إنازينا السماء الدنيا بزينة الكواكب** أي بضوئها أو بهاوالإضافة للبيان كقراءة تنوين زينة المبنية بالكواكب **وحفظا** منصوب بفعل مقدر أي حفظناها بالشهب **من كل** متعلق بالمقدر **شيطان مارد** ٥ **عات** خارج عن الطاعة۔

(الف) تفسیری عبارت پر اعراب لگائیں۔ (05) (ب) آیات و تفسیر کا ترجمہ کریں۔ (10)

(ج) مشارق کو جمع ذکر فرمانے کی وجہ تحریر کریں نیز اضافت بیانیہ سے کیا مراد ہے؟ (10)

سوال نمبر 2: **ياأيهاالذين آمنوا لاتكونوا كالذين آذوا موسى فبرأه الله مما قالوا**

(الف) آیہ کریمہ کا ترجمہ کرتے ہوئے بتائیں کہ موسی علیہ السلام کی اذیت سے کونسی اذیت مراد ہے؟ اور اللہ تعالی نے انہیں کیسے بری فرمایا؟ (10)

(ب) ایمان والوں سے اس خطاب کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ (05)

والله الذي أرسل الرياح فتثير سحابا المضارع لحكاية الحال الماضية أي تزعجه **فسقناه** فيه التفات عن الغيبة **إلى بلد ميت فأحيينا به الأرض بعد موتها كذلك النشور**

(ج) غرض مفسر بیان کرتے ہوئے صفت التفات کی تعریف کریں۔ (10)

سوال نمبر 3: **وثمود وقوم لوط وأصحاب الأيكة أولئك الأحزاب إن كل إلا كذب الرسل** لأنهم إذا كذبوا واحدا منهم فقد كذبوا جميعهم لأن دعوتهم واحدة وهي دعوة التوحيد **فحق عقاب**

(الف) سورہ ص مکی ہے یا مدنی اسکی آیات کی تعداد تحریر کریں۔ (04)

(ب) "**ايكة**" کا معنی بیان کریں نیز **اصحاب ايكة** کس نبی علیہ السلام کی قوم تھی؟ (04)

(ج) تفسیری عبارت ایک سوال کا جواب ہے سوال جواب دونوں تحریر فرمائیں۔ (10)

قال فالحق **والحق أقول** بنصبهما ورفع الأول ونصب الثاني فنصبه بالفعل بعده ونصب الأول قيل بالفعل المذكور وقيل على المصدر أي أحق الحق۔

(د) عبارت مفسر کی وضاحت کریں۔ (07)

سوال نمبر 4: **وأنذرهم يوم الآزفة** يوم القيامة من أزف **الرحيل** قرب **إذ القلوب** ترتفع خوفا **لدى** عند **الحناجر كاظمين** ممتلئين غما حال من القلوب عوملت بالجمع بالياء والنون معاملة أصحابها **ماللظالمين من حميم** محب **ولا شفيع يطاع** لا مفهوم للوصف إذ لا شفيع لهم أصلا فمالنا من شافعين أوله مفهوم بناء على زعمهم أن لهم شفعاء أي شفعوا **افرضا** لم يقبلوا۔

(الف) تفسیری عبارت پر اعراب لگاتے ہوئے ساری عبارت کا ترجمہ کریں۔ (10)

(ب) اغراض مفسر واضح فرمائیں۔ (10) (ج) **ماللظلمين من حميم** کی ترکیب کریں۔ (5)

سوال نمبر 5: **ولقد آتينا داود منا فضلا** وقلنا **ياجبال أوبي** رجعي **معه** بالتسبيح **والطير وألناله الحديد أن اعمل** منه **سابغات** دروعا كوامل يجرها لابسها على الأرض **وقدر في السرد** أي بنسج الدروع قيل لصانعها سرادا أي اجعله بحيث يتناسب حلقه **واعملوا** صالحا **إني بما تعملون بصير**

(الف) آیت میں "**فضلا**" سے کونسا فضل مراد ہے؟ (02)

(ب) "**والطير**" تفسیر جلالین کی روشنی میں وجہ نصب سلیس انداز میں تحریر کریں۔ (10)

(ج) لوہے کو کس چیز کی طرح نرم کیا گیا؟ (02) (د) "**وقدر في السرد**" کے تحت تفسیر کی وضاحت کریں۔ (05)

(ہ) "**والناله الحديد**" جملے کی ترکیب کریں۔ (06)

باہتمام: شعبۃ الامتحان جامعات المدینہ للبنین دعوت اسلامی

2014

درجہ رابعہ

فقہ

نوٹ: کوئی سے چار سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: **ومن صلی فی السفینۃ قاعدا من غیر علۃ اجزاہ عند ابی حنیفۃ والقیام افضل وقال لا یجزیہ الا من عذر۔**

(الف) مسئلہ کی وضاحت کرتے ہوئے ہدایہ کی روشنی میں فریقین کے دلائل قلم بند کریں۔ (10)

ومن اغمی علیہ خمس صلوات او دونہا قضی وان کان اکثر من ذلک لم یقض۔

(ب) مسئلہ مذکورہ کی وضاحت دلائل کے ساتھ کریں۔ (10)

(ج) قرآن میں کل کتنے سجدے ہیں؟ اور یہ کس کس پر واجب ہوتے ہیں؟ (5)

سوال نمبر 2: **ومن کان لہ وطن فانتقل منہ۔**

(الف) وطن اصلی اور وطن اقامت کی تعریف کرتے ہوئے بتائیں کہ یہ کس طرح باطل ہوں گے؟ (10)

(ب) **ومن شرائطہا** ہدایہ کی روشنی میں شرائط جمعہ بیان کریں، نیز جمعہ کن پر واجب ہے؟ (10)

تجب صلوۃ العید علی کل من تجب علیہ الجمعۃ۔

(ج) نماز عید واجب ہے یا سنت؟ قدوری اور جامع صغیر کی عبارتوں میں پائے جانے والے تضاد میں تطبیق بیان کریں۔ (5)

سوال نمبر 3: **الزکوۃ واجبۃ**

(الف) وجوب زکوۃ کی شرائط دلائل کے ساتھ تحریر کریں۔ (10)

(ب) اونٹ، گائے، بکری، سونا، چاندی میں سے ہر ایک میں زکوۃ کا نصاب کیا ہے؟ نیز ان میں سے ہر ایک کی ابتدائی حد میں کتنی زکوۃ واجب ہو گی؟ (10)

(ج) ہدایہ کی روشنی میں مصارفِ زکوۃ تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر 4: **الصوم ضربان واجب ونفل والواجب ضربان۔**

(الف) واجب کی کون سی دو اقسام ہیں؟ نیز واجب کی دونوں اقسام اور نفل میں نیت کے احکام کیا ہوں گے؟ (10)

اذا اکل الصائم او شرب او جامع ناسیاً۔

(ب) ہدایہ کی روشنی میں مذکورہ صورت میں روزہ ٹوٹنے یا نہ ٹوٹنے کا کیا حکم ہے؟ بالدلیل ثابت کریں۔ (10)

الاعتکاف مستحبۃ۔

(ج) اعتکاف کی تعریف کرتے ہوئے بتائیں کہ یہ سنت ہے یا مستحب؟ اور کیوں؟ (5)

سوال نمبر 5: **الحج واجب۔**

(الف) حج کن پر واجب ہے؟ ہدایہ کی روشنی میں وضاحت سے بیان کریں نیز زندگی میں حج کتنی بار واجب ہے؟ جواب مدلل ہونا چاہیے۔ (10)

(ب) ارکان حج بیان کرتے ہوئے بتائیں کہ کل کتنے میقات ہیں؟ یہ کن کن کیلئے ہیں؟ (10)

(ج) حالت احرام میں حرام کردہ کوئی سی پانچ چیزیں تحریر کریں۔ (5)

2014

درجہ رابعہ

اُصولِ فقه

نوٹ: کوئی سے 4 سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: **ویستحیل اجتماعهما مرادین بلفظ واحد کما استحال ان یکون الثوب الواحد علی اللابس ملکا وعاریة فی زمان واحد**

(الف) ترجمہ کریں اور اعراب لگائیں۔ (10)

(ب) مذکورہ عبارت کی نورالانوار کی روشنی میں وضاحت سپرد قلم کریں۔ (10)

ولا یراد بنو بنیه فی الوصیة لابنائه۔

(ج) عبارت کی وضاحت تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر 2: **اتصال الحکم بالعلة کاتصال الملک بالشراء وانه یوجب الاستعارة من الطرفین۔**

(الف) ترجمہ کریں اور مثال کے ساتھ وضاحت کریں۔ (10)

واذا کانت الحقیقة مستعملة والمجاز متعارفا فهی اولی عند ابی حنیفة علیه الرحمة خلافا لهما۔

(ب) عبارت کی وضاحت نورالانوار کی روشنی میں مثال دیکر کریں۔ (10)

(ج) **حقیقت مهجورة** کی تعریف سپرد قلم کریں۔ (5)

سوال نمبر 3: **وبدلالة محل الکلام کقوله علیه السلام "انما الاعمال بالنیات" وقوله علیه السلام "رفع عن امتی الخطاء والنسیان"**

(الف) عبارت کا ترجمہ اور اسکی وضاحت سپرد قلم کریں۔ (10)

والراوی ان عرف بالفقه والتقدم بالاجتهاد۔

(ب) معروف بالفقہ والاجتہاد کونسے راوی ہیں انکی حدیث قیاس کے مقابلے میں حجت ہے یا نہیں مثال کیساتھ وضاحت کریں۔ (10)

(ج) نقل کی تعریف اور حکم قلمبند کریں۔ (5)

سوال نمبر 4: درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات سپرد قلم کریں۔ (20)

(1) **اقتضاء النص** (2) **واجب** (3) **خبر مشهور** (4) **حقیقة** (5) **بیان تبدیل**

(ب) سنت اور حدیث کا کس کس پر اطلاق ہوتا ہے؟ (5)

سوال نمبر 5: (الف) **اشارة النص** کی تعریف لکھیں اس میں مذکور قیودات کے فوائد مع مثال تحریر کریں۔ (15)

(ب) تابعی کی تقلید کے بارے میں نورالانوار کی روشنی میں تحریر کریں۔ (10)

منطق

نوٹ: کوئی سے 4 سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: (الف) تناقض کی تعریف اور اس کے متحقق ہونے کی شرائط تحریر کریں۔ (10)

فالممکنۃ العامۃ نقیض صریح للضروریۃ المطلقۃ والمطلقۃ العامۃ لازمۃ لنقیض الدائمۃ المطلقۃ۔

(ب) مذکورہ عبارت کا ترجمہ لکھیں اس عبارت کو لانے کی غرض مع سوال وجواب قلمبند کریں۔ (10)

(ج) **عرفیہ عامہ** کی نقیض مع مثال لکھیں۔ (5)

سوال نمبر 2: **ولکن فی الجزئیۃ بالنسبۃ الی کل فرد۔**

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور شرح تہذیب کی روشنی میں وضاحت کریں۔ (15)

(ب) عکس مستوی کی تعریف لکھیں اور عکس کا اطلاق کس کس چیز پر ہوتا ہے؟ (10)

سوال نمبر 3: (الف) **سالبہ کلیہ** کا عکس **سالبہ کلیہ** کیوں آتا ہے؟ مع الدلیل لکھیں۔ (8)

او جعل نقیض الثانی اولا مع مخالفۃ الکیف۔

(ب) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں شرح تہذیب کی روشنی میں مع مثال تحریر کریں۔ (12)

(ج) **البیان البیان والنقض النقیض** اس عبارت سے کیا مراد ہے؟ (5)

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات لکھیں۔ (20)

(1) **قیاس** (2) **تمثیل** (3) **اقترانی شرطی** (4) **مانعۃ الجمع** (5) **قیاس برھانی**

(ب) **وضع المقدم ورفع التالی** مثال دیکر وضاحت کریں۔ (5)

سوال نمبر 5: (الف) شکل رابع کی شرائط اور اسکی **ضروب منتجۃ** مع امثلہ لکھیں۔ (20)

(ب) دلیل **خلف** تحریر کریں۔ (5)

بلاغت

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے۔بقیہ میں سے کوئی 3 حل فرمائیں۔

سوال نمبر 1: (الف) **علم بیان اور علم بدیع** کی تعریفات تحریر کریں۔ (5)

(ب) ارکان تشبیہ کتنے اور کون کونسے ہیں؟ نیز عقلی وحسی ہونے کے لحاظ سے طرفین تشبیہ کی اقسام مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

(ج) **تشبیہ ملفوف و مفروق** کی تعریفات مع امثلہ لکھیں۔ (10)

سوال نمبر 2: (الف) کوئی پانچ اغراض تشبیہ مع امثلہ تحریر کریں۔ (15)

(ب) استعارۃ کسے کہتے ہیں؟ نیز **استعارۃ مصرحۃ، مکنیۃ، اصلیۃ** کی تعریفات و امثلہ نوٹ کریں۔ (10)

سوال نمبر 3: مجاز عقلی کی تعریف کرتے ہوئے کوئی چار صورتیں مع امثلہ لکھیں۔ (10)

(ب) **تلویح، رمز، تعریض** کی تعریفات اور امثلہ سے وضاحت کریں۔ (15)

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات کریں۔ (15)

(1) **تشابہ الاطراف** (2) **تشریع** (3) **ایتلاف اللفظ مع اللفظ** (4) **موا ربہ** (5) **تصدیر**

(ب) **براعۃ الطلب** اور **حسن انتھاء** سے کیا مراد ہے؟ مثال سے وضاحت کریں۔ (10)

سوال نمبر 5: (الف) مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریفات لکھیں۔ کوئی دس (20)

(1) **توریہ** (2) **طباق** (3) **تدبیج** (4) **مراعاۃ النظیر** (5) **استطراد**
(6) **جمع** (7) **ارسال المثل** (8) **مغایرۃ** (9) **تاکید المدح بمایشبہ الذم**
(10) **تجرید** (11) **حسن تعلیل** (12) **الطی والنشر**

بارک اللہ للحسن ولبوران فی الختن
یاامام الھدی ظفر ت ولکن ببنت من

(ب) **ببنت من** میں مستعمل اصطلاح کی وضاحت کریں۔ (5)

نحو

نوٹ: 4 سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: **المرفوعات جمع المرفوع لا المرفوعة لان موصوفه الاسم وهو مذكر لا يعقل ويجمع هذا الجمع مطرداصفة المذكر الذى لا يعقل كالصافنات للذكور من الخيل۔**

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اعراب لگانا نہ بھولیں۔ (10)

(ب) **جمع المرفوع لا المرفوعة لان موصوفه الاسم او هو مذكر لا يعقل........الخ**، کی اغراض سپرد قلم فرمائیں۔ (15)

سوال نمبر 2: (الف) کون کونسے اسماء **نائب الفاعل** نہیں بن سکتے؟ شرح جامی کی روشنی میں ہر ایک کی علت بھی لکھیں۔ (8)

(ب) مبتداء اور خبر کی جامع مانع تعریف سپرد قلم فرمائیں۔ (10)

(ج) کیا نفی اور استفہام کے بغیر صفت کا صیغہ مبتداء بن سکتا ہے؟ جمہور نحاۃ، سیبویہ اور اخفش کا مذہب بیان فرمائیں۔ (7)

سوال نمبر 3: (الف) صاحب کافیہ نے جن چار ابواب میں خبر کے وجوبا محذوف ہونے کی طرف اشارہ فرمایا ہے ان کی مثالیں ترجمہ اور جامی کی روشنی میں ان کی تقدیرات، حذفِ خبر پر قرینہ اور خبر کے قائم مقام کی تعیین کریں۔ (20)

(ب) **لائے نفی جنس** کی خبر کی تعریف سپرد قلم فرمائیں۔ (5)

سوال نمبر 4: (الف) کن صورتوں میں منادی منصوب، مجرور، **مبنی بر علامتِ رفع یا مبنی بر فتحه** ہوتا ہے مع امثلہ بیان فرمائیں۔ (14)

(ب) کن صورتوں میں **بر تقدیر ترخیم** دو حروف، ایک حرف یا پورا اسم حذف کر دیا جاتا ہے مع امثلہ تحریر فرمائیں۔ (8)

(ج) **"أطرق كرا"** کس چیز کی مثال میں پیش کیا گیا ہے؟ نیز جامی کی روشنی میں بتائیں کہ اس میں کون کونسی وجوہ سے شذوذ پایا جاتا ہے؟ (3)

سوال نمبر 5: (الف) (**المفعول فيه هو ما فعل فيه فعل) اى حدث (مذكور) تضمنا فى ضمن الفعل الملفوظ او المقدر او شبهه ككـ او مطابقة اذا كان العامل مصدرا۔**

مذکورہ عبارت پر مکمل اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (10)

(ب) قول شارح **اى: "حدث"** اور **"تضمنا او مطابقة"** کی اغراض بیان فرمائیں۔ (10)

(ج) قول شارح **شبهه** کا عطف کس پر ہے؟ نیز **كك** سے کیا مراد ہے؟ (5)

خصوصی پرچہ

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1:ولو جهر الإمام فيما يخافت أو خافت فيما يجهر تلزمه سجدتا السهو لأن الجهر في موضعه والمخافتة في موضعهامن الواجبات واختلفت الرواية في المقدار والأصح قدر ما تجوز به الصلاة في الفصلين لأن اليسير من الجهروالإخفاء لا يمكن الاحتراز عنه وعنالكثير ممكن وما يصح به الصلاة كثير غير أن ذلك عنده آية واحدة وعندهماثلاث آيات وهذا في حق الإمام دون المنفرد لأن الجهروالمخافتة من خصائص الجماعة۔

اعراب لگائیں اور خط کشیدہ کے صیغے بتائیں۔ (20)

سوال نمبر2:قال صلى الله عليه وسلم فيهم " زملوهم بكلومهم ودمائهم ولا تغسلوهم " فكل من قتل بالحديد ظلما وهو طاهر بالغولم يجب به عوضمالي فهو في معناهم فيلحق بهم والمراد بالأثر الجراحة لأنها دلالة القتل وكذا خروج الدم من موضع غير معتاد كالعين ونحوها والشافعي رحمه الله يخالفنا في الصلاة ويقول السيف محاء للذنوب فأغنى عن الشفاعة ونحن نقول الصلاة على الميت لإظهار كرامتهوالشهيد أولى بها۔

مذکورہ بالا عبارت پر اعراب لگائیں اور خط کشیدہ کی صرفی تحقیق کریں۔ (20)

سوال نمبر3:فان قولہ فسجد ظاہر فی سجود الملئکۃ نص فی تعظیم آدم علیہ السلام لکنہ یحتمل التخصیص ای سجود بعض الملئکۃ بان یکونالملئکۃ عاما مخصوص البعض ویحتمل التاویل بان سجدوا متفرقین او مجتمعین فانقطع احتمال التخصیص لقولہ کلھم واحتمالالتاویل لقولہ اجمعون فصار مفسرا ولا یقال انہ یبقی احتمالکونھم متحلقین او متصففین لانہ لا یضر فی بیان التعظیم علا انہ لا ندعی انہ مفسر من کل الوجوہ بل من بعضھا۔

عبارت پر اعراب لگائیں نیز خط کشیدہ کی ترکیب کریں۔ (20)

سوال نمبر4:فان الصلوۃ بمعنی الدعا فی اللغۃ کما فی قولہ تعالی یا ایھا الذین امنو اصلوا علیہ وقولہ وعلیہ السلام اذا کان صائما فلیھل ای لیدع ثم نقلت الی الارکان المعلومۃ والعبادۃ المعھودۃ وھجر معناہ الاول فان قال احمدالله علی ان اصلی تجب علیہ الصلوۃ لا الدعاء وکذا الحج لغۃ القصد مطلقاثم نقل فی الشرع الی المناسک المعھودۃ فی مکۃ فلو قال للہ علی ان احج تجب علیہ عبادۃ المعھودۃ وفی حکمھا سائر الالفاظ المنقولۃ۔

مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں۔ (20)

سوال نمبر5:لانہ من حیث ھو منصوص علیہ بلفظ المصدر یوکد نفسہ من حیث ھو یحتمل الجملۃ فا لموکد اسم مفعول من حیثاعتبار وصفالاحتمال فیہ تغایر الموکد اسم فاعل من حیث انہ منصوص علیہ بالمصدر ویحتمل ان یکون المراد انہ تاکید لاجل غیرہ لیندفع وعلی ھذا ینبغی ان یکون المراد بالتاکید لنفسہ انہ تاکید لاجل نفسہ۔

اعراب لگائیں اور خط کشیدہ کی وجہ اعراب لکھیں۔ (20)

تفسیر+ادب

نوٹ: حصہ اول اور حصہ دوم میں سے دو،دو سوال حل کریں۔

حصہ اول: جلالین

سوال نمبر1: **وماعلمناه ای النبی الشعر رد لقوله ان ما اتی به من القران شعر وماینبغی یتسهل له الشعر ان هو لیس الذی اتی به الا ذکر عظة وقران مبین مظهر للاحکام وغیرها**

(الف) دی گئی عبارت پر اعراب لگا کر با محاورہ ترجمہ کریں۔(10) (ب) بیان کردہ تفسیر کی روشنی میں اغراض مفسر تحریر کریں۔(10)

(ج) صیغوں کی صرفی تحقیق کریں۔ **النبی** **اتی** **مبین** (5)

سوال نمبر2: **اولیس الذی خلق السموت والارض مع عظمهما بقادر علی ان یخلق مثلهم ای الاناسی فی الصغر بلی ای هو قادر علی ذلک اجاب نفسه وهو الخلاق الکثیر الخلق العلیم بکل شی**

(الف) کلام پاک اور تفسیری عبارت پر اعراب لگا کر با محاورہ ترجمہ کریں۔ (10)

(ب) مفسر کی اغراض کو خوب واضح کریں۔ (10)

(ج) مندرجہ ذیل صیغوں کی صرفی ولغوی وضاحت کریں۔ **اجاب** **الخلاق** **بلی** (5)

سوال نمبر3: **قل یعبادی الذین اسرفوا علی انفسهم لاتقنطوا بکسر النون وفتحها وقری بضمها تیاسوا من رحمة الله ان الله یغفر الذنوب جمیعا لمن تاب من الشرک انه هو الغفور الرحیم**

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (10) (ب) آیت کا شان نزول اور اغراض مفسر بیان کریں۔ (10)

(ج) کیا جمیع گناہوں میں **کفر** بھی قابل معافی جرم ہے؟ نیز لفظ **تیاسوا** کی صرفی تحقیق کریں۔ (5)

حصہ دوم: ادب عربی

سوال نمبر4: **تری بعر الأرْم فی عرصاتها وقیعانها کانها حب فلفل**
کانی غداة البین یوم تحملوا لدی سمرت الحی ناقف حنظل
وقوفا بها صحبی علی مطیهم یقولون لاتهلک اسی وتجمل

(الف) ادب کا معنی، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں۔ (10) (ب) مذکورہ اشعار پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (10)

(ج) **سبع معلقات** کا مختصر تعارف تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر5: **ووجه کان الشمس القت رداءها علیه نقی اللون لم یتخدد**
وانی لامضی الهم عند احتضاره بعوجاء مرقال تروح وتغتدی
امون کالواح الاران نصاتها علی لاحب کانه ظهر برجد

(الف) مذکورہ اشعار پر اعراب لگا کر با محاورہ ترجمہ اور شاعر کی مراد واضح کریں۔ (15)

(ب) لفظ **وجه** مجرور کیوں ہے نیز لفظ **احتضاره** اور **نقی** کی صرفی تحقیق کریں۔ (10)

سوال نمبر6: **امن ام اوفی دمنة لم تکلم بحومانة الدراج فالمتثلم**
ودار لها بالرقمتین کانها مراجیع وشم فی نواشر معصم
بها العین والارْم یمشین خلفة واطلاءها ینهضن من کل مجثم

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ وتشریح کریں۔ (10) (ب) **سبع معلقات** کے پہلے تین معلقات کے نام تحریر کریں۔ (5)

(ج) مذکورہ بالا اشعار میں دیئے گئے تمام افعال کی صرفی تحقیق کریں۔ (10)

حدیث

نوٹ: سوال نمبر 5 لازمی ہے، بقیہ میں سے 3 حل کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) حدیث جبریل کی روشنی میں یہ بتائیں کہ **اخبرنی عن شرائع الاسلام ماھی؟** کے جواب میں سرکار دو عالم **صلی اللہ علیہ والہ وسلم** نے کیا چیزیں بیان فرمائیں۔ (6)

(ب) **یہودی** لڑکے کی عیادت کے متعلق حدیث مبارکہ تحریر کرتے ہوئے حدیث کے کم از کم دو فوائد بیان کریں۔ (6)

عن جابر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم قال امرت ان اقاتل الناس حتی یقولو لا الہ الا اللہ فاذا قالوھا عصموا منی دماءھم واموالھم الا بحقھا وحسابھم علی اللہ تعالیٰ

(ج) اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ کی وضاحت کریں۔ (13)

سوال نمبر 2: **ابو حنیفۃ عن علقمۃ عن ابی بریدۃ عن ابیہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم لعن اللہ القدریۃ وما من نبی ولا رسول الا لعنھم نھی امتہ عن الکلام معھم**

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (6) (ب) **قدریہ** کن کو کہا جاتا ہے نیز حدیث مبارکہ میں ان کو کس کا گروہ کہا گیا ہے؟ (6)

(ج) حدیث کی روشنی میں مقام محمود کی وضاحت کریں۔ (8)

من کذب علی متعمدا فلیتبوا مقعدہ من النار

(د) ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی صرفی تحقیق کریں۔ (5)

سوال نمبر 3: **عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم توضا ذات یوم فجاءت الھرۃ فشربت من الاناء فتوضا رسول اللہ منہ ورش ما بقی**

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں اور بلی کے جھوٹے کے بارے میں احناف کا مذہب دلائل سے بیان کریں۔ (10)

عن خالد ان النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم مسح راسہ ثلاثا

(ب) **تثلیث مسح** میں احناف کا موقف بیان کریں نیز حدیث مذکور کی توجیہ بیان کریں۔ (8)

عن ابن عمر قال قدمت علی غزوۃ فی العراق فاذا سعد بن مالک یمسح علی الخفین فقلت ماھذا فقال یا ابن عمر اذا قدمت علی ابیک فسئلہ عن ذالک قال فاتیتہ فسالتہ فقال رائیت رسول اللہ یمسح فمسحنا

(ج) اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (7)

سوال نمبر 4: **عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم قال لھا ناولینی الخمرۃ فقالت انی حائض فقال ان حیضتک لیست فی یدک**

(الف) ترجمہ کریں اور حدیث سے **مستنبط** مسئلہ واضح کریں۔ (8)

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم من فاتتہ صلاۃ العصر فکانما وتر اھلہ ومالہ

(ب) اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ کی وضاحت کریں۔ (7)

(ج) حدیث کی روشنی میں مسجد میں گمشدہ چیز تلاش کرنے کا حکم لکھیں۔ (5) (د) **من بنی للہ مسجدا** کی فضیلت بیان کریں۔ (5)

سوال نمبر 5: (الف) **رفع یدین** کے متعلق احناف کا نظریہ احادیث کی روشنی میں واضح کریں۔ (10)

عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم قال الوضوء مفتاح الصلاۃ والتکبیر تحریمھا والتسلیم تحلیلھا وفی کل رکعتین فسلم ولا تجزی صلاۃ الا بفاتحۃ الکتاب ومعھا غیرھا

(ب) اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ کی وضاحت کریں۔ (8)

(ج) **احناف** کے نزدیک **قرأت فاتحہ** کا حکم مقتدی وامام کیلئے کیا ہے؟ دلیل کیساتھ نقل کریں۔ (7)

فقه

نوٹ: چار سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: (الف) درج ذیل عبارت کا ترجمہ کریں اور **اختلاف ائمہ** مع الدلائل ذکر کریں۔ (10)

ومن صلی فی السفینة قاعدا من غیر علة اجزاه عند ابی حنیفة والقیام افضل وقالا لا یجزیه الا من عذر

(ب) **صلوۃ القصر** سے کیا مراد ہے نیز اسکی مدت میں اختلاف ائمہ ذکر کریں، اور **مفتی به** قول پر دلیل پیش کریں۔ (10)

لا تصح الجمعة الا فی مصر جامع او فی مصلی المصر ولا تجوز فی القری

(ج) جمعہ قائم کرنا کہاں جائز اور کہاں ناجائز ہے؟ وضاحت کریں۔ (5)

سوال نمبر 2: **السنة ان یکفن الرجل فی ثلثة اثواب**

(الف) مرد و عورت کے کفن **سنت، کفایت** اور **ضرورت** کی وضاحت کریں، نیز میت کو کفن دینے کا طریقہ تحریر کریں۔ (10)

(ب) **عند الاحناف** کعبہ مشرفہ میں نماز پڑھنے کا حکم مع الدلائل قلمبند کریں۔ (10)

(ج) **صلوۃ الخوف** کا طریقہ لکھیں۔ (5)

سوال نمبر 3: **الزکوۃ واجبة علی الحر العاقل**

(الف) **زکوۃ** کا لغوی و اصطلاحی معنی، زکوۃ کے وجوب کی شرائط اور ہدایہ کی روشنی میں ہر شرط پر دلیل تحریر کریں۔ (15)

(ب) عورتوں کے زیورات میں زکوۃ کا کیا حکم ہے؟ اسمیں **احناف و شوافع** کا مذہب مع الدلائل لکھیں۔ (10)

سوال نمبر 4: **الضرب الثانی ماثبت فی الذمة کقضاء شهر رمضان وصوم الکفارة فلا یجوز الا بنیة من اللیل والنفل کله یجوز بنیة قبل الزوال خلافا لمالک**

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (5)

(ب) مسئلہ مذکورہ میں **احناف، مالکیه** اور **شوافع** کا مذہب مع الدلائل ہدایہ کی روشنی میں لکھیں۔ (15)

اذا اکل الصائم او شرب او جامع ناسیا لم یفطر والقیاس ان یفطر

(ج) مذکورہ عبارت کی وضاحت کریں اور **عدم افطار** کی دلیل نقل کریں۔ (5)

سوال نمبر 5: **و اذا تلا المأموم لم یسجد الامام ولا المأموم فی الصلوۃ ولا بعد الفراغ عند ابی حنیفة وابی یوسف خلافا لمحمد**

(الف) ترجمہ کریں نیز سجود تلاوت کتنے اور کون کونسی سورت میں ہیں؟ نام تحریر کریں۔ (10)

(ب) مذکورہ دونوں **مذاهب** اور انکے دلائل قلمبند کریں۔ (15)

اُصولِ فقہ

کوئی سے چار سوال حل کریں۔

سوال نمبر1:(الف)مجاز کی تعریف مع حکم اور اسکی وضاحت نور لانوار کی روشنی میں کریں۔ (15)

والنکاح للوطء دون العقد

(ب)عبارت کی وضاحت نور الانوار کی روشنی میں تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر2:**ولا یراد اللمس بالید فی قولہ تعالی او لامستم النساء**

(الف) عبارت میں کس چیز پر تفریع پیش کی جارہی ہے؟**لمس بالید** میں امام اعظم وامام شافعی رضی اللہ عنہما کا اختلاف مع دلائل قلمبند کریں۔(15)

انما یقع علی الملک الاجارۃ و الدخول حافیا او متنعلا

(ب)یہ عبارت کس سوال کا جواب ہے؟سوال وجواب تفصیلاً تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر3:**اذا حلف یاکل لحما فلا یتناول لحم السمک وقولہ کل مملوک لی حر لا یتناول المکاتب**

(الف)عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں اور نور الانوار کی روشنی میں وضاحت قلمبند کریں۔ (15)

قولہ علیہ السلام رفع عن امتی الخطاء و النسیان

(ب)عبارتِ حدیث کی تشریح کتاب کی روشنی میں لکھیں۔ (10)

سوال نمبر4:(الف)درج ذیل اصطلاحات کی تعریف تحریر کریں۔

صریح **کنایہ** **عبارت النص** **اقتضاء النص** (4*3=12)

اعتدی و استبری رحمک و انت واحدۃ

(ب)مذکورہ عبارت کی وضاحت نور الانوار کی روشنی میں تحریر کریں۔ (13)

سوال نمبر5:(الف)**دلالۃ النص** کی تعریف اور اسکی وضاحت تحریر کریں۔ (7+3=10)

ھذا صح اثبات الحدود و الکفارات بدلالۃ النصوص دون القیاس

(ب)عبارت کی وضاحت مثال کے ساتھ تحریر کریں۔ (10)

(ج)سنت کی تعریف اور حکم قلمبند کریں۔ (3+2)

منطق

نوٹ: کوئی سے چار سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) **تناقض** میں پائی جانے والی **وحدات ثمانیہ** تحریر کریں۔ (8)

(ب) **محصورات اربعہ** کی **نقیض** بیان کریں نیز امثلہ سے وضاحت کریں۔ (12)

(ج) **مشروطہ عامہ** کی نقیض مع مثال ذکر کریں۔ (5)

سوال نمبر 2: (الف) **قضیہ جنسیہ مطلقہ** کی وضاحت کریں۔ (5)

وللمرکبۃ المفھوم المردد بین نقیضی الجزئیین

(ب) عبارت مذکورہ بالا کی وضاحت شرح تہذیب کی روشنی میں کریں۔ (10)

(ج) **عکس مستوی** کی تعریف کریں نیز بتائیں عکس کتنے معنوں میں استعمال ہوتا ہے؟ (10)

سوال نمبر 3: **والجزئیۃ لاتنعکس اصلالجواز عموم الموضوع او المقدم**

(الف) عبارت مذکورہ کی وضاحت کریں۔ (10)

(ب) **وقتیتان وجودیتان** اور **مطلقہ عامہ** کا عکس مستوی مع امثلہ بیان کریں۔ (15)

سوال نمبر 4: (الف) **قیاس استثنائی، اقترانی حملی، اقترانی شرطی** کی تعریفات ذکر کریں اور امثلہ سے وضاحت کریں۔ (15)

(ب) شکل ثانی کے نتیجہ دینے کی شرائط تحریر کریں نیز بتائیں کہ اسکی کتنی ضربیں نتیجہ دیتی ہیں؟ (10)

سوال نمبر 5: (الف) **شرائط اربعہ** کا ضابطہ بیان کریں۔ (10)

(ب) درج ذیل اصطلاحات کی وضاحت کریں۔ (15)

اصغر **کبری** **حداوسط** **استقراء**

قیاس برھانی **دلیل لمی** **دلیل انی**

نحو

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین سوالات حل فرمائیں۔

سوال نمبر1: **فمنه الفاعل وانما قدمه لانه اصل المرفوعات عند الجمهور**

(الف) مذکورہ بالا عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کیجئے نیز جامی کی روشنی میں **"منه"** کی ضمیر کا مرجع متعین کیجئے۔ (10)

(ب) جامی کی عبارت کی غرض بیان کریں نیز اصل مرفوعات کے بارے میں جمہور کی دلیل اور ان کے مقابل مذہب اور ان کی دلیل تحریر کریں۔ (15)

سوال نمبر2: **والخبر هو المجرد ای هو الاسم المجرد عن العوامل اللفظية لان الكلام فی مرفوعات الاسم**

(الف) شارح کی عبارت **"ای هو الاسم المجرد"** اور **"لان الكلام"** کی غرض بتائیں اور خبر کی مکمل جامع اور مانع تعریف سپرد قلم فرمائیں۔ (15)

(ب) خبر کو مقدم کرنے کی وجوبی صورتیں مع امثلہ زینت قرطاس کریں۔ (10)

سوال نمبر3: **المنصوبات هو ما اشتمل على علم المفعولية قد تبين شرحه بما ذكر فی المرفوعات**

(الف) عبارت متن کی وہ شرح کریں جس کی طرف شارح نے اشارہ کیا ہے نیز جامی کی روشنی میں مع امثلہ بتائیں کہ مفعولیت کی کتنی اور کون کونسی علامتیں ہیں؟ (15)

(ب) شرح ملا جامی کی روشنی میں وضاحت کے ساتھ بیان کریں کہ **کرهت کراهتی** میں **کراهتی** مفعول بہ ہے یا مفعول مطلق؟ (10)

سوال نمبر4: **ومنها ای من المواضع التی یجب حذف الفعل الناصب للمفعول المطلق فيها ما وقع ای موضع مفعول مطلق وقع تفصيلا لاثر مضمون جملة متقدمة**

(الف) اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ (5)

(ب) تفسیری عبارتوں کی اغراض بیان کریں۔ (10)

(ج) **جامی** کی روشنی میں مثال کے ذریعے واضح کریں کہ جملہ متقدمہ، اس کے مضمون، اس کے اثر اور اس اثر کی تفصیل سے کیا مراد ہے؟ (10)

سوال نمبر5: **ويجوز لقيام قرينة حذف حرف النداء الا اذا كان مقارنا مع اسم الجنس**

(الف) ترجمہ کریں اور اغراض شارح کی وضاحت کریں نیز بتائیں کہ یہاں اسم جنس سے کیا مراد ہے؟ (15)

(ب) کون کونسے اسماء کے ساتھ حرف نداء کو حذف کرنا جائز نہیں؟ (5)

(ج) **"اصبح ليل"** **"افتد مخنوق"** **"اطرق كرا"** کیوں شاذ ہیں؟ (5)

خصوصی پرچہ

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: خالی جگہ کو مناسب کلمات سے پُر کریں۔ (20)

(1) باب **تفعل، تفاعل** یا **تفعلل** میں دو تاء جمع ہوں تو ایک کو گرانا..............ہے۔ (واجب، جائز، فرض)

(2) **رباعی** کے کل..............ابواب ہیں۔ (5،4،3)

(3) تمام ابواب کو..............حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ (6،4،5)

(4) **مصدر میمی** کے..............اوزان ہیں۔ (3،4،5)

(5) ثلاثی مجرد سے **فعل تعجب** کے..............اوزان ہیں۔ (2،3،4)

(6) **معدود** کا دوسرا نام..............بھی ہے۔ (عدد، تمیز، ممیّز)

(7) مصدر..............طرح آتا ہے۔ (2،4،3)

(8) **فعل متعدی** کا اسم فاعل..............**اسماء** کو نصب دیتا ہے۔ (6،5،7)

(9) **اسم تفضیل** کے استعمال کے..............طریقے ہیں۔ (2،5،4)

(10) **اضافت حقیقیه** کو اضافت..............بھی کہتے ہیں۔ (معنویہ، مجازیہ، لفظیہ)

سوال نمبر2: اعراب لگائیں۔ (20)

الاحتجاج بلا دليل انواع منها الاستدلال بعدم العلة على عدم الحكم مثاله القئ غير ناقض لانه لم يخرج من السبيلين والاخ لا يعتق على الاخ لانه لا ولاد بينهما وسئل محمد رحمه الله ايجب القصاص على شريک الصبى قال لا لان الصبى رفعنه القلم قال السائل فوجب ان يجب على شريک الاب لان الاب لم يرفع عنه القلم فصار التمسک بعدم العلة على عدم الحكم هذا بمنزلة ما يقال لم يمت فلان لانه لم يسقط من السطح الا اذا كانت علة الحكم منحصرة فى معنى فيكون ذلک المعنى لازما للحكم فيستدل بانتفائه على عدم الحكم

سوال نمبر3: (الف) سوال نمبر2 میں موجود خط کشیدہ الفاظ کے وجوہِ اعراب بیان کریں۔ (10)

(ب) ترکیب کریں۔ (10)

(i) **عدم خصوص تلک العلة لايستلزم عدم الحكم** (ii) **انه ليس بمغصوب**

سوال نمبر4: مندرجہ ذیل کے جوابات تحریر کریں۔ (20)

(1) **اسمائے مشتقه** کے نام تحریر کریں۔

(2) فعل امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ لکھیں۔

(3) **نون خفیفه** مضارع کے کتنے صیغوں کے آخر میں آتا ہے؟

(4) **اسم مبالغه** کے کوئی سے پانچ اوزان لکھیں۔

(5) ثلاثی مزید فیہ کے ابواب کے نام لکھیں۔

(6) **کم خبریه** اور **استفهامیه** کی تعریف لکھیں۔

(7) **صفت مشبه** کا عمل تحریر کریں۔

(8) **اضافت لفظی** اور **معنوی** کی تعریف لکھیں۔

(9) اِنَّ پڑھنے کے 3 مقامات بغیر امثلہ لکھیں۔

(10) **ما** اور **لا** (مشابہ بلیس) کے عمل میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل کی صرفی تحقیق (صیغہ، فعل، باب، تعلیل) بیان کریں۔ (20)

يجب **مقول** **مميت** **يكون** **ليس**

2016

تفسیر+ادب

نوٹ: حصہ اول اور حصہ دوم میں سے دو،دو سوال حل کریں

حصہ اول

سوال نمبر1: سلم مبتدا قولا ای بالقول خبرہ من رب رحیم بھم یقول لھم سلام علیکم ویقول امتازوا الیوم ایھا المجرمون ای انفردوا عن المومنین عند اختلاطھم بھم الم اعھد الیکم امرکم یبنی ادم علی لسان رسلی ان لا تعبدوا الشیطن لا تطیعوہ انہ لکم عدو مبین

(الف)مذکورہ بالا عبارت پر اعراب لگا کر بامحاورہ ترجمہ کریں۔ (12) (ب)اغراض مفسر بیان کریں۔ (13)

سوال نمبر2: فبشرنہ بغلم حلیم ای ذی حلم کثیر فلما بلغ معہ السعی ای ان یسعی معہ و یعینہ قیل بلغ سبع سنین و قیل ثلاثۃ عشر سنۃ قال یبنی انی اری ای رایت فی المنام انی اذبحک ورویا الانبیاء حق و افعالھم بامر اللہ تعالیٰ فانظر ماذا تری من الرای شاورہ لیانس بالذبح وینقاد لامر بہ۔

(الف)مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (10)

(ب) تفسیری عبارت کی روشنی میں اغراض مفسر بیان کریں۔ (10) (ج)مذکورہ عبارت میں "غلام" سے مراد کون ہیں؟ (05)

سوال نمبر3: (الف) صحیح/ غلط کی نشاندہی کریں۔ (10)

(۱) سورۃ ص مدنی ہے۔ (۲) وَقِهِمْ میں "قِ" اسم، فعل، حرف میں سے حرف ہے۔

(۳)سورۃ زمر (اکثر آیات) مدنی ہے۔ (۴)سورۃ حم سجدہ کا دوسرا نام سورۃ فصلت نہیں ہے۔ (۵)۔سورۃ صافات مکی ہے۔

(ب)سورۃ ص میں مذکور حضرت داود، سلیمان اور ایوب علیھم السلام کے ذکر کردہ واقعات میں سے کوئی دو واقعات مختصراً تحریر کریں۔ (10)

(ج)مندرجہ ذیل الفاظ میں سے 5 کے معانی تحریر کریں۔ (05)

(۱)مُقَرَّنِيْنَ (۲)اَصْفَادٌ (۳)فُجَّارٌ (۴)شَهَابٌ (۵)بَيْضَاءُ (۶)كَبْشٌ (۷)اَلْحُوْتُ

(حصہ دوم)

سوال نمبر4: افاطم مھلا بعد ھذا التدلل ... وان کنت قد ازمعت صرمی فاجملی

اغرک منی ان حبک قاتلی ... وانک مھما تامری القلب یفعل

وان تک قد ساءتک منی خلیقۃ ... فسلی ثیابی من ثیابک تنسل

(الف)مذکورہ اشعار پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (09) (ب)اشعار کی تشریح اس انداز میں کریں کہ مقصود شاعر واضح ہو جائے۔ (09)

(ج)"فاطم" کی صرفی ونحوی تحقیق قلمبند کریں۔ (07)

سوال نمبر5: وجید کجید الرئم لیس بفاحش ... اذا ھی نصتہ ولا بمعطل

وفرع یزین المتن اسود فاحم ... اثیث کقنو النخلۃ المتعثکل

لخولۃ اطلال ببرقۃ ثھمد ... تلوح کباقی الوشم فی ظاھر الید

وقوفا بھا صحبی علی مطیھم ... یقولون لا تھلک اسی و تجلد

امن ام اوفی دمنۃ لم تکلم ... بحومانۃ الدراج فالمتثلم

(الف)مذکورہ اشعار میں سے کسی چار کا ترجمہ وتشریح کریں۔ (16)

(ب)پہلے تین معلقات میں سے کسی بھی ایک کا کم از کم 12 لائنوں پر مشتمل خلاصہ تحریر کریں۔ (09)

سوال نمبر6: (الف)مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے معانی تحریر کریں۔ (10)

(۱)مَكَرٌّ (۲)مِفَرٌّ (۳)مُقْبِلٌ (۴)مُدْبِرٌ (۵)اَلْكَدِيْدُ (۶)اَلْمُرَكَّلُ

(ب)مندرجہ ذیل کلمات میں سے کسی پانچ کی مکمل صرفی تحقیق کریں۔ (10)

(۱)قِفَا (۲)نَبْكِ (۳)لَم يَعْفُ (۴)قَامَتَا (۵)عَقَرْتُ (۶)بَكَى

(ج)سوالیہ پرچے کے علاوہ کوئی سے پانچ اشعار سبع معلقات سے تحریر کریں۔ (05)

2016

حدیث

نوٹ: چار سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: درج ذیل اجزاء احادیث میں سے کسی پانچ اجزاء کا ترجمہ کریں۔

(۱)عن جابر رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ ﷺ صلی فی ثوب واحد متوشحابہ (05)

(۲)ان النبی ﷺ سمع رجلا ینشد جملا فی المسجد فقال لا وجدتَ (05)

(۳)مروا ابابکر فلیصل بالناس، یاصُوَیحباتُ یوسفَ (05)

(۴)امرنا رسول اللہ ﷺ ان نخرج یوم النحر ویوم الفطر ذوات الخدور والحُیّض (05)

(۵)ان فی الصلاۃ لشُغلاً (05)

(۶)حتی لو شئت ان اتناول غصنا من اغصان شجرھا فعلت (05)

سوال نمبر 2: فقال یا رسول اللہ ﷺ ماالایمان؟ فقال "الایمان باللہ و ملائکتہ و کتبہ ورسلہ والقدر خیرہ و شرہ

(الف) درج بالا حدیث کی مکمل وضاحت کریں۔ (15)

فارسل الیھا النبی ﷺ فسالھا این اللہ؟ فقالت فی السماء

(ب) باندی سے اللہ عزوجل کے متعلق "این" کے ذریعے سوال کیوں کیا گیا؟ حالانکہ اللہ عزوجل تو زمان و مکان سے پاک ہے نیز خط کشیدہ کی وضاحت کریں۔ (10)

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل احادیث سے کس طرح مذاہب احناف ثابت ہو رہے ہیں۔ (10)

(۱)قال رسول اللہ ﷺ لایبولن احدکم فی الماء الدائم ثم یتوضا منہ

(۲)الحد للنبی ﷺ و اخذ من قبل القبلۃ

لاتشد الرحال الا الی ثلاثۃ مساجد

(ب) مذکورہ حدیث کا ترجمہ اور تشریح تحریر کریں۔ (15)

سوال نمبر 4: خرج مع رسول اللہ ﷺ فی سفر. فانطلق رسول اللہ ﷺ فقضی حاجتہ ثم رجع و علیہ جبۃ رومیۃ ضیقۃ الکمین فرفعھا رسول اللہ ﷺ من ضیق کمھا

(الف) ترجمہ کریں نیز اعراب بھی لگائیں اور یہ بھی تحریر کریں کہ اس حدیث مبارکہ سے کیا کیا چیزیں ثابت ہو رہی ہیں؟ (20)

(ب) حدیث مبارکہ میں اس امت کے مجوس کن لوگوں کو کہا گیا ہے؟ (05)

سوال نمبر 5: درجہ ذیل عنوانات میں سے کسی پانچ عنوانات کو دلائل سے ثابت کریں۔ (25)

(۱)ترک رفع الیدین (۲)ممانعت فاتحہ خلف الامام (۳)شفاعت مصطفی ﷺ

(۴)ایمان والدین مصطفی ﷺ (۵)نجاست منی (۶)آمین بالسر

فقہ

نوٹ: کسی بھی چار سوال کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: (الف) مندرجہ ذیل عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ کی وضاحت کریں۔ (15)

وان دخل معه فی فائتة لم تجزه لانه لایتغیر بعد الوقت لانقضاء السبب کما لا تتغیر بنیة الاقامة فیکون اقتداء المفترض بالمتنفل فی حق القعدة او القراءة

(ب) منی میں ایام حج کے دوران جمعہ ہونے اور نہ ہونے کے متعلق فقہاءِ کرام رحمھم اللہ تعالٰی کا اختلاف مع الدلائل تحریر کریں نیز مفتی بہ قول کی نشاندہی بھی کریں۔ (10)

سوال نمبر 2: (الف) زیورات میں زکوۃ کے واجب ہونے یا نہ ہونے کے متعلق فقہاء کا اختلاف مع الدلائل تحریر کریں؟ (10)

(ب) سفرِ معصیت میں قصرِ صلوۃ کے بارے میں فقہاءِ کرام کے درمیان پائے جانے والے اختلاف کو مع الدلائل تحریر کریں۔ (15)

سوال نمبر 3: الشافعی رحمه الله اخذ بقول ابن عباس الا انه حمل المروی کله علی الزوائد فصارت التکبیرات عنده خمسة عشر او ستة عشر

(الف) مذکورہ بالا عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور وضاحت بھی کریں؟ (15)

(ب) وجوبِ زکوۃ کے بعد مال ہلاک ہونے کی صورت میں زکوۃ ساقط ہونے یا نہ ہونے میں فقہاءِ کرام کا اختلاف مع الدلائل بیان فرمائیں۔ (10)

سوال نمبر 4: ومن کان مریضا فی رمضان فخاف ان صام اذ داد مرضه افطر وقضی وقال الشافعی لا یفطر

(الف) امام شافعی کے مذکورہ بالا مذہب کی وضاحت ہدایہ کی روشنی میں کریں نیز احناف کی دلیل بھی تحریر کریں۔ (10)

والاعمی اذا وجد من یکفیه مؤنة سفره ووجد زاداً وراحلةً لایجب علیه الحج عند ابی حنیفة خلافاً لهما

(ب) اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز امام اعظم اور صاحبین رحمۃ اللہ علیہا کی دلیلیں بھی ذکر کریں۔ (15)

سوال نمبر 5: (الف) مندرجہ ذیل جملوں میں صحیح اور غلط کی نشاندہی فرمائیں۔ (15)

(۱) امام شافعی کے نزدیک اگر بیوی کو محرم میسر ہو تو شوہر پھر بھی سفرِ حج سے منع کر سکتا ہے۔ صحیح/غلط

(۲) امام مالک کے نزدیک محرم کے لیے بڑے خیموں کے ذریعے سایہ لینا مکروہ ہے۔ صحیح/غلط

(۳) مواقیتِ حج پانچ سے زیادہ نہیں ہیں۔ صحیح/غلط

(۴) عورت کے لیئے کفنِ سنت پانچ کپڑے ہیں۔ صحیح/غلط

(۵) بیٹھ کر خطبۂ جمعہ دینا مکروہ نہیں ہے۔ صحیح/غلط

(ب) واذا تلا المأموم لم یسجد الامام ولا المأموم فی الصلوة ولا بعد الفراغ

مذکورہ بالا عبارت کے متعلق فقہاء کا اختلاف مع الدلائل تحریر کریں۔ (10)

2016

درجہ رابعہ

اُصولِ فقہ

نوٹ: پانچ سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: (الف)استعارہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے شرعیات میں اتصال صوری کی اقسام کی وضاحت کریں۔ (10)

اذا کانت الحقیقة متعذرة اور مھجورة صیرالی المجاز

(ب) عبارت مذکورہ کی وضاحت کریں۔ (10)

سوال نمبر2: (الف)استدلال کے اعتبار سے نظم قرآنی کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ تعداد اور نام لکھیں اور صرف دو کی تعریفات اور احکام بھی تحریر کریں۔ (10)

(ب) کیا دلالۃ النص اور قیاس کے ذریعے حدود و کفارات ثابت کیے جاسکتے ہیں؟ مکمل وضاحت کریں۔ (10)

سوال نمبر3: الحکم اذا اضیف الی مسمی بوصف خاص او علق بشرط کان دلیلا علی نفیه عند عدم الوصف او الشرط عند الشافعی

(الف) مذکورہ بالا عبارت میں موجود مسئلے کی مکمل وضاحت کریں۔ (10)

(ب) مطلق اور مقید کی تعریف بیان کریں نیز یہ بھی بتائیں کہ احناف کے نزدیک مطلق کو مقید پر کس صورت میں محمول کیا جائے گا؟ (10)

سوال نمبر4: قیل ان القران فی النظم بحرف الواو یوجب القران فی الحکم

(الف) کیا قران فی النظم، قران فی الحکم کو واجب کرتا ہے؟ اختلاف ائمہ مع الدلائل ذکر کریں۔ (15)

قیل الجمع المضاف الی الجماعة

(ب) جماعت کی طرف جمع کی اضافت کی جائے تو احناف کے نزدیک کیا حکم ہوگا؟ (05)

سوال نمبر5: (الف) عزیمت کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟ مکمل وضاحت کریں۔ (15)

(ب) سنت کا اطلاق کن کن چیزوں پر کیا جاتا ہے؟ (05)

سوال نمبر6: (الف) خبر کی ابتدائی اقسام کی تعریفات اور احکام لکھیں۔ (10)

(ب) خبر واحد کی حجیت پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (10)

منطق

نوٹ: چار سوالات کا حل مطلوب ہے

سوال نمبر 1: (الف) تناقض اور عکس مستوی کی تعریف تحریر کریں۔ (05)

(ب) محصورات اربعہ کی نقیض و عکس مستوی مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

(ج) دائمتان، خاصتان (موجبہ) کا عکس مستوی مع امثلہ قلمبند کریں۔ (10)

سوال نمبر 2: (الف) متقدمین اور متاخرین کے نزدیک عکس نقیض کی تعریف کریں۔ (08)

(ب) ماتن نے عکس نقیض کی تعریف واحکام میں کس مذہب کو اختیار کیا؟ بالتفصیل شرح تہذیب کی روشنی میں تحریر کریں۔ (10)

(ج) محصورات اربعہ کی عکس نقیض مثالوں کے ساتھ تحریر کریں۔ (07)

سوال نمبر 3: (الف) اشکال اربعہ کی تعریف اور انکی وجوہ تسمیہ بیان کریں۔ (10)

(ب) شکل ثانی کی شرائط کو شرح تہذیب کی روشنی میں مدلل ثابت کریں۔ (10)

(ج) شکل ثانی کی ضروب منتجہ کتنی اور کون کون سی ہیں؟ (05)

سوال نمبر 4: الشرطی من الاقترانی اما ان یترکب من متصلتین او منفصلتین او حملیة و متصلة او حملیة و منفصلة او متصلة و منفصلة۔

(الف) عبارت بالا کو اعراب اور ترجمہ سے مزین کریں۔ (08)

(ب) مذکورہ عبارت کی تشریح شرح تہذیب کی روشنی میں قلمبند کریں۔ (17)

سوال نمبر 5: (الف) خالی جگہ پر کریں۔ (10)

(۱) عامتان سے مراد ــــــ اور ــــــ ہے۔ (۲) وقتیتان سے مراد ــــــ اور ــــــ ہے۔

(۳) وجودیتان سے مراد ــــــ اور ــــــ ہے۔ (۴) ممکنتان سے مراد ــــــ اور ــــــ ہے۔

(۵) خاصتان سے مراد ــــــ اور ــــــ ہے۔

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی 10 کی تعریفات تحریر کریں۔ (15)

(۱) قیاس (۲) قیاس اقترانی (۳) قیاس استثنائی (۴) اصغر

(۵) اکبر (۶) اوسط (۷) صغری (۸) کبری

(۹) نتیجہ (۱۰) مانعة الخلو (۱۱) مانعة الجمع (۱۲) تمثیل

نحو

نوٹ: کوئی سے چار سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: (الف) فاعل کی تعریف بیان کریں۔ (05)

(ب) مرفوعات میں اصل کون ہے؟ جامی کی روشنی میں اختلاف مع دلائل تحریر کریں۔ (10)

ولست بالموجب حقا لمن	**لايوجب الحق على نفسه**
ورب مذاق الهوى خالني	**أصدقه الود على لبسه**
ومادرى من جهله أنني	**أقضي غريمي الدين من جنسه**
فاهجر من استغباك هجر القلى	**وهبه كالملحود في رمسه**
والبس لمن في وصله لبسة	**لباس من يرغب عن أنسه**

سوال نمبر 3: مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ جملوں کی ترکیب کریں۔ (25)

ثم بسط يده بعدما أنشد هو قال أنجز حر ما وعد وسح خال إذ رعد، فنبذت الدينار إليه وقلت خذه غير ماسوف عليه، فوضعه في فيه وقال بارك اللهم فيه ثم شمر للانثناء بعد توفية الثناء فنشأت لي من فكاهته نشوة غرام، سهلت علي ائتناف اغترام فجردت دينارا آخر وقلت له هل لك في أن تذمه ثم تضمه فأنشد مرتجلا وشدا عجلا

سوال نمبر 4: (الف) مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ (کوئی سے پانچ) (25)

شرة اللسن　　فكاهة　　لامعتبة　　فطنة خامدة　　الخطب المعبرة

بهرة الحلقة　　دعابة الاقران　　غرارة

(ب) مقامات حریری کے مؤلف کا مختصر تعارف تحریر کریں۔

(ج) ہر مقامہ میں دو اشخاص کا مرکزی کردار ہے۔ انکے اسماء قلمبند فرمائیں۔

خصوصی پرچہ

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

السوال الاول: عن عبد الله بن عمرو بن العاص قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا عبد ألم أخبر أنك تصوم النهار وتقوم الليل فقلت بلى يا رسول الله قال فلا تفعل صم وأفطر وقم ونم فإن لجسدك عليك حقا وإن لعينك عليك حقا وإن لزوجك عليك حقا وإن لزورك عليك حقا لا صام من صام الدهر صوم ثلاثة أيام من كل شهر صوم الدهر كله صم كل شهر ثلاثة أيام واقرأ القرآن في كلشهر قلت إني أطيق أكثر من ذلك قال صم أفضل الصوم صوم داود صيام يوم وإفطار يوم. واقرأ في كل سبع ليال مرة ولا تزد على ذلك

اعراب لگائیں اور دو خط کشیدہ جملوں کی ترکیب نحوی کریں۔ (20)

السوال الثانی: عن ابن عباس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم بعث معاذا إلى اليمن فقال إنك تأتي قوما من أهل الكتاب فادعهمإلى شهادة أن لا إله إلا الله وأن محمدا رسول الله فإن هم أطاعوا لذلك فأعلمهم أن الله قد فرض عليهم خمس صلوات في اليوم والليلة فإن هم أطاعوا لذلك فأعلمهم أن الله قد فرض عليهم صدقة تؤخذ من أغنيائهم فترد في فقرائهم. فإن هم أطاعوا لذلك فإياك وكرائم أموالهم واتق دعوة المظلوم فإنه ليس بينها وبين الله حجاب

اعراب لگائیں اور خط کشیدہ جملہ کی ترکیب نحوی کریں۔ (20)

السوال الثالث: وعن أسامة بن زيد قال: أرسلت ابنة النبي صلى الله عليه وسلم إليه إن ابنا لي قبض فأتنا فأرسل يقرئ السلام ويقول إن لله ما أخذ وله ما أعطى وكل عنده بأجل مسمى فلتصبر ولتحتسب فأرسلت إليه تقسم عليه ليأتينها فقام ومعه سعد بن عبادة ومعاذ بن جبل وأبي بن كعب وزيد بن ثابتورجال فرفع إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم الصبي ونفسه تتقعقع، ففاضت عيناه، فقال سعد يا رسول الله ما هذا فقال هذه رحمة جعلها الله في قلوب عباده فإنما يرحم الله من عباده الرحماء

اعراب لگائیں اور خط کشیدہ کی صرفی تحقیق کریں۔ (20)

السوال الرابع: وطلاق المكره واقع خلافا للشافعي رحمه الله هو يقول إن الإكراه لا يجامع الاختيار وبه يعتبر التصرف الشرعيخلاف الهازل لأنه مختار في التكلم بالطلاق ولنا أنه قصد إيقاع الطلاق في منكوحته في حال أهليته فلا يعرى عن قضيته دفعا لحاجته اعتبار بالطائع وهذا لأنه عرف الشرين واختار أهونهما وهذا آية القصد والاختيار إلا أنه غير راض بحكمه وذلك غير مخل به كالهازل

اعراب لگائیں اور کوئی پانچ منصوبات کی وجہ نصب بیان کریں۔ (20)

السوال الخامس: ولا تقبل في الرضاع شهادة النساء منفردات وإنما تثبت بشهادة رجلين أو رجل وامرأتين وقال مالك رحمه اللهتثبت بشهادة امرأة واحدة إذا كانت موصوفة بالعدالة لأن الحرمة حق من حقوق الشرع فتثبت بخبر الواحد كمن اشترى لحما فأخبره واحد أنه ذبيحة المجوسي ولنا أن ثبوت الحرمة لا يقبل الفصل عن زوال الملك في باب النكاح وإبطال الملك لا يثبت إلا بشهادة رجلين أو رجل وامرأتين بخلاف اللحم لأن حرمة التناول تنفك عن زوال الملك فاعتبر أمرا دينيا

اعراب لگائیں اور پانچ مرفوعات کی وجہ رفع لکھیں۔ (20)

2015

حدیث

نوٹ: کوئی سے پانچ سوال حل کریں، سوال نمبر 6 لازمی ہے۔

سوال نمبر 1: **قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم من اتاہ اللہ مالا فلم یودز کوٰتہ مثل لہ مالہ یوم القیامۃ شجاعا اقرع لہ زبیبتان یطوقہ یوم القیامۃ ثم یاخذ بلھزمتیہ یعنی شدقیہ ثم یقول انا مالک انا کنزک ثم تلا: ولا یحسبن الذین یبخلون۔۔۔الخ**

(الف) عبارت بالا پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ (8)

(ب) کرنسی نوٹ، سونا، چاندی اور مال تجارت میں زکوٰۃ کی فرضیت کے لئے نصاب کیا ہے؟ تحریر کریں۔ (12)

سوال نمبر 2: **عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم من سال الناس اموالھم تکثرا فانما یسل جمرا فلیستقل او لیستکثر**

(الف) حدیث بالا کا ترجمہ کریں، کسی کو غیر سے مال کا سوال کرنا کب جائز ہے اور کب مذموم و حرام؟ وضاحت کریں۔ (11)

(ب) اونٹ، گائے، بکری میں فرضیت زکوٰۃ کے لئے کم از کم نصاب کیا ہے؟ تحریر کریں۔ (9)

سوال نمبر 3: **عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رجلا سال النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم عن المباشرۃ للصائم فرخص لہ واتاہ آخر فسالہ فنھاہ فاذا الذی رخص لہ شیخ و اذا الذی نھاہ شاب**

(الف) حدیث کا اردو ترجمہ کریں اور مباشرت کی تعریف کریں۔ (10)

(ب) پانچ صورتیں ایسی تحریر کریں جن سے روزہ ٹوٹتا ہے مگر کفارہ لازم نہیں آتا۔ (10)

سوال نمبر 4: **عن ابی سعید الخدری ان اسید بن حضیر رضی اللہ عنھما قال بینما ھو یقرأ من اللیل سورۃ البقرۃ وفرسہ مربوطۃ عندہ اذ جالت الفرس فسکت فسکنت فقرا فجالت فسکت فسکنت ثم قرا فجالت الفرس**

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (10)

(ب) حدیث کی تشریح اس انداز میں کریں کہ اس کا مطلب واضح ہو جائے۔ (10)

سوال نمبر 5: **عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم یایھا الناس ان اللہ تعالی کتب علیکم الحج فقام الاقرع بن حابس فقال افی کل عام یارسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم قال لو قلتھا نعم لوجبت ولو وجبت لم تعملوا بھا ولم تستطیعوا والحج مرۃ فمن زاد فتطوع**

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں۔ (8)

(ب) حدیث سے **مستنبط** ہونے والے مسائل کی نشاندہی کریں۔ (12)

سوال نمبر 6: (الف) سوالیہ پرچہ میں دی ہوئی احادیث کے علاوہ کوئی اور دو احادیث **مشکوٰۃ شریف** سے لکھیں۔ (5)

(ب) مختصر جوابات لکھیں۔ کوئی پانچ (15)

(1) **حج** کی اقسام کون کونسی ہیں؟ افضل حج کونسا ہے؟ (2) حج اور عمرہ کی برکات میں سے کوئی دو برکتیں حدیث کی روشنی میں لکھیں۔

(3) کفارہ کس روزہ کے توڑنے پر لازم آتا ہے؟ نیز روزہ کا کفارہ بھی تحریر کریں۔ (4) زکوٰۃ اور فطرہ کے نصاب میں کیا فرق ہے؟ مختصر وضاحت کریں۔

(5) **صدقہ** کی برکات میں سے کوئی برکت **مشکوٰۃ** کی روشنی میں لکھیں۔ (6) **عشر** کی تعریف کریں۔ نصف **عشر** کب دیا جاتا ہے؟

درجہ خامسہ

عقائد

نوٹ نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: **الخبر الصادق نوعین**

(الف) خبر صادق کی دونوں اقسام کی تعریفات بیان کریں نیز ان سے حاصل ہونے والا علم کون سا ہے؟ (10)

والعالم بجمیع اجزائہ محدث

(ب) دعویٰ مذکورہ پر دلیل تحریر کریں۔ (04)

(ج) عین اور عرض کی تعریف کرتے ہوئے امثلہ سے وضاحت کریں۔ (06)

سوال نمبر 2: **وھو متکلم بکلام ھو صفة له ازلية ليس من جنس الحروف والاصوات وھو صفة منافية للسكوت والآفة والله تعالىٰ متكلم بها امر وناہ ومخبر**

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ لکھیں۔ (10)

(ب) استطاعت کی تعریف (حقیقی ومجازی) بیان کرتے ہوئے بتائیں کہ تکلیف کا دارو مدار کس استطاعت پر ہے؟ (10)

سوال نمبر 3: (الف) فوت شدہ کے ذریعے جواز توسل پر کم از کم دو دلیلیں نقل فرمائیں۔ (10)

(ب) استغاثہ کا معنی بیان کرتے ہوئے غیر اللہ سے استغاثہ پر دلیل تحریر فرمائیں۔ (05)

(ج) حیات انبیا کرام علیھم السلام پر دلیل جو مصنف نے واقعہ معراج سے اخذ کی ہے وہ نقل کریں۔ (05)

سوال نمبر 4: (الف) حدیث **شد رحال** تحریر کریں اور اس کا معنی اس طرح بیان کریں کہ منکرین زیارت قبور کا رد ہو جائے۔ (10)

(ب) قبور صالحین پر گنبد وقبہ وغیرہ بنانے کا حکم تفصیلا بیان کریں نیز اس حدیث کا معنی بیان کریں۔

"لعن اللہ الیھود والنصاری اتخذوا قبور انبیائھم مساجد" (10)

سوال نمبر 5: (الف) عالم بیداری میں دیدار مصطفی علیہ السلام پر کم از کم دو دلائل نقل کریں۔ (09)

(ب) **قرأة القرآن علی الطعام** پر دلیل تحریر کریں۔ (05)

(ج) فضائل صحابہ کرام علیھم الرضوان پر دو احادیث بیان کریں۔ (06)

درجہ خامسہ

فقہ

نوٹ: کل چار سوالات کا حل مطلوب ہے، سوال نمبر 4 اور 5 لازمی ہیں۔

سوال نمبر 1: **واذا وقعت الفرقة بين الزوجين فالام احق بالولد لما روى ان امراة قالت يا رسول الله صلى الله عليه واله وسلم ان ابني هذا كان بطني له وعاء وحجري له حوى وثدي له سقاء وزعم ابوه انه ينزعه مني**

(الف) عبارت بالا کا ترجمہ کریں اور اعراب لگائیں۔ (10)

(ب) ہدایہ کی روشنی میں بالترتیب بیان کریں کہ ماں کی عدم موجودگی میں بچے کی نگہداشت کا حق کس کس کو کس کی غیر موجودگی میں حاصل ہے؟ (10)

سوال نمبر 2: **وان امتنعت من تسليم نفسها حتى يعطيها مهرها فلها النفقة**

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں کہ عبارت میں بیان کردہ مسئلہ بالکل واضح ہو جائے۔ (12)

(ب) ھدایہ کی روشنی میں ایسی چار صورتیں بیان کریں جن میں عورت کو نفقہ دینا مرد پر واجب نہیں۔ (عند الاحناف فقط) (8)

سوال نمبر 3: **ومن حلف على معصية مثل ان لا يصلي او لا يتكلم اباه او ليقتلن فلانا ينبغي ان يحنث نفسه ويكفر عن يمينه**

(الف) عبارت بالا کا ترجمہ کریں اور اسطرح وضاحت کریں کہ نفس مسئلہ میں کچھ پوشیدگی باقی نہ رہے۔ (10)

(ب) **قسم** کا کفارہ کیا ہے؟ بالتفصیل بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر 4: **والاقرار ان يقر البالغ العاقل على نفسه بالزناء اربع مرات في اربع مجالس من مجالس المقر كلما اقر رده القاضي**

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (3)

(ب) عبارت میں موجود مسئلہ کو اسطرح بیان کریں کہ مصنف کی غرض واضح ہو جائے۔ (5)

(ج) **اشتراط الاربع** کس امام صاحب کے نزدیک ہیں؟ انکی دلیل ہدایہ کی روشنی میں لکھیں نیز امام شافعی کا اس مسئلے میں کیا مؤقف ہے تحریر کریں۔ (12)

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات کے مختصر اور جامع جوابات لکھیں۔ (کوئی پانچ) (40)

(1) زید نے بیت میں داخل نہ ہونے کی قسم کھائی پھر وہ خانہ کعبہ میں یا مسجد میں یا یہود و نصاری کے عبادت خانہ میں داخل ہوا تو حانث ہوا یا نہیں؟

(2) ہر ایسی جدائی جو عورت کی جانب سے کسی گناہ مثلاً مرتدہ ہونے کی صورت میں ہو تو مرد پر نفقہ کا کیا حکم ہے؟

(3) **متوفی عنها زوجها** کے لئے نفقہ کا کیا حکم ہے؟

(4) کوڑوں کی حد لگاتے ہوئے محدود کے کن اعضاء کو مارنے سے منع کیا گیا؟

(5) **سرقہ** کی تعریف کریں اور اس کی حد بیان کریں۔

(6) ایسی کوئی وطی ہے جس پر حد زنا نہیں لگتی؟ وضاحت کریں۔

(7) **لقیط** اور **لقطہ** کی تعریف کریں۔

منطق

نوٹ کوئی سے چار سوال حل کریں۔

سوال نمبر1:(الف) امام رازی اور حکماء کا تصدیق کے متعلق اختلاف تفصیل سے تحریر کریں۔ (10)

واعلم ان المشهور فیما بین القوم ان العلم اما تصور او تصدیق و المصنف عدل عنه الی التصور الساذج

(ب) یہ عبارت ایک اعتراض کا جواب ہے آپ اعتراض اور جواب کو تفصیل سے نقل کریں کہ مسئلہ واضح ہو جائے۔ (15)

سوال نمبر2: **ومن لطائف هذا التعریف انه مشتمل علی العلل الاربع**

(الف) **علل اربع** کی تعریفا مع امثلہ ذکر کریں۔ (10)

ولیس کله بدیهیا والا لاستغنی عن تعلمه ولا نظریا والا لدار او تسلسل

(ب) عبارت مذکور کی وضاحت کریں نیز دور اور تسلسل کی تعریف بھی لکھیں۔ (15)

سوال نمبر3:(الف) دلالت کی اقسام ثلثہ میں **استلزام و عدم استلزام** کے اعتبار سے نسبت کی تشریح تحریر کریں۔ (15)

(ب) **اجناس متوسطه** اور **انواع متوسطه** کی نشاندھی کریں۔ (10)

سوال نمبر4:(الف) اسم کی معنی کے اعتبار سے اقسام قلمبند کریں نیز انکی وجہ تسمیہ اور مثالیں بھی تحریر کریں۔ (15)

(ب) **کلی** اور **جزی** میں سے ہر ایک کی تعریف اور **وجه تسمیه** قطبی کی روشنی میں قلمبند کریں۔ (10)

سوال نمبر5:(الف) **نوع حقیقی** اور اضافی میں نسبت بیان کریں۔ (5)

(ب) درج ذیل اصطلاحات میں سے کوئی 10 کی تعریفات لکھیں۔ (20)

کلی عقلی	**کل طبعی**	**لازم بین**	**لازم غیر بین**	**حد ناقص**	**مقدمه**
نوع الانواع	**دلالت تضمنی**	**فعل قریب**	**قول شارح**	**آله**	**دلالة**

بلاغت

کوئی سے پانچ سوال حل کریں۔

سوال نمبر:1 **ووافقه السكاكى على ذلك اى على ان التقديم يفيد التخصيص لكن خالفه فى شرائط وتفاصيل**

(الف)عبارت مذکورہ کی وضاحت کریں نیز سکاکی کی اختیار کردہ شرائط لکھیں۔ (10)

قال ويقرب من قبيل هو قام زيد قائم فى التقوى

(ب)عبارت مذکورہ بالا کی تشریح مختصر کی روشنی میں کریں۔ (10)

سوال نمبر2:(الف) حضرت ذوالیدین والی حدیث مصنف نے کس مسئلہ کے تحت ذکر کی ہے آپ مسئلہ اور حدیث کو تفصیل سے تحریر فرمائیں۔ (10)

(ب) خلاف مقتضی ظاہر کلام لانے کے کوئی سے 5 مقامات مع امثلہ ذکر کریں۔ (10)

سوال نمبر:3 **ليبک يزيد ضارع لخصومة**

(الف)مصنف نے یہ شعر کس قاعدہ کی مثال کے طور پر ذکر کیا ہے اور اس شعر کو اعراب اور وجہ ترجیح اعراب بیان کریں۔ (15)

(ب)تغلیب کی تعریف کریں اور مثال لکھیں۔ (5)

سوال نمبر:4(الف)مسند کی تقدیم کے کوئی سے تین مقامات مع امثلہ لکھیں۔ (12)

(ب) حذف مفعول کے کوئی سے دو اسباب مع امثلہ لکھیں۔ (8)

سوال نمبر:5(الف) مسند کو جملہ، کن کن اسباب کی وجہ سے لایا جاتا ہے؟ تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (10)

(ب) **ان، اذا، لو، کما** کے استعمال کے متعلق علامہ تفتازانی نے جو بحث کی ہے اسکا خلاصہ لکھیں۔ (10)

سوال نمبر:6خالی جگہ پر کریں۔ (10)

(1)کبھی نیک فالی کے لیئے مسند الیہ کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیا جاتا ہے۔ (2)مسند الیہ کی تقدیم تخصیص کا فائدہ دیتی ہے۔

(3)جبکہ۔۔۔۔۔اسکے ساتھ ملا ہو۔ (4)فاعل لفظی اور فاعل معنوی۔۔۔۔۔۔میں برابر ہیں۔

(5)**سالبہ مہملہ**۔۔۔۔۔کی قوت میں ہوتا ہے۔ (6)سامع کے ذہن میں رعب ڈالنے کے لئے مسند الیہ کو۔۔۔۔۔لایا جاتا ہے۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں۔ (10)

(1)**یاایھا الذین آمنوا** میں التفات ہے۔ (2) التفات سے سامع کو نشاط حاصل ہوتا ہے۔

(3) علامہ سکاکی کے ہاں قلب مطلقا مردود ہے۔ (4) مسند الیہ کو مفرد لانا تقوی کا فائدہ دیتا ہے۔

(5) فعل کو مفعول سے مقید کرنا تربیت فائدہ کے لئے ہوتا ہے۔

ادب

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے بقیہ میں سے کوئی تین حل کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) **مقامات** لکھنے کا آغاز کس نے کیا نیز صاحب مقامات حریری کے مختصر حالات قلمبند کریں۔ (10)

فذاکرته بما قيل فيمن الف بين كلمتين ونظم بيتا او بيتين واستقلت من هذا المقام الذى يحار الفهم ويفرط الوهم ويسبر غور العقل وتبتين قيمة المرء فى الفضل ويضطر صاحبه الى ان يكون كحاطب ليل او جالب رجل وخيل

(ب) عبارت بالا کا سلیس ترجمہ کریں۔ (15)

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (25)

فقرا ان بعض الظن اثم ثم قال يا رواة القريض واساة القول المريض ان خلاصة الجوهر تظهر بالسبک ويد الحق تصدع رداء الشک وقد قيل فيما غبر من الزمان عند الامتحان يكرم الرجل او يهان وها انا قد عرضت خبيئتى للاختبار وعرضت حقيبتى على الاعتبار فابتدر احد من حضر وقال اعرف بيتا لم ينسج على منواله ولا سمحت قريحة بمثاله

سوال نمبر 3: (الف) مندرجہ ذیل اشعار کا ترجمہ کریں۔ (15)

فامطرت لؤلؤا من نرجس وسقت	**وردا وعضت على العناب بالبرد**
سالتها حين زارت نضو برقعها	**القانى وايداع سمعى اطيب الخبر**
فزحزحت شفقا غشى سنا قمر	**وساقطت لؤلؤا من خاتم عطر**
واقبلت يوم جد البين فى حلل	**سود تعض بنان النادم الحصر**
فلاح ليل على صبح اقلهما	**غصن وضرست البلور بالدرر**

(ب) خط کشیدہ الفاظ کا اعراب اور وجہ اعراب تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل عبارت کا ترجمہ کریں اور کوئی سے پانچ خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق کریں۔ مکمل صیغہ مع تعلیل۔ (25)

اذ وقف بنا شخص عليه سمل وفى مشيته قزل فقال يا اخاير الزخائر بشائر العشائر عموا صباحا وانعموا اصطباحا وانظروا الى من كان ذا ندى وندى وجدة وجدا وعقار وقرى ومقار وقرى فما زال به قطوب الخطوب وحروب الكروب وشرر شر الحسود وانتياب النوب السود حتى صفرت الراحة وقرعت الساحة وغار المنبع ونبا المربع واقوى المجمع واقض المضجع واستحالت الحال واعول العيال وخلت المرابط ورحم الغابط

سوال نمبر 5: (الف) مندرجہ ذیل اشعار کا ترجمہ کریں۔ (9)

تبا لطالب الدنيا	**ثنى اليها انصبابه**
ما يستفيق غراما	**بها وفرط صبابه**
ولو درى لكفاه	**مما يروم صبابه**

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ کوئی آٹھ (16)

مجاجة	**شكوة**	**هراوة**	**الوبل والطل**	**قاطنين**	**وطابة**
زمرة القيظ	**خبز سميد**	**جدى حنيذ**	**اهبة السياحة**	**محجة**	

خصوصی پرچہ

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: مندرجہ ذیل کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔ (20)

(1) جو واؤ علامت مضارع مفتوحہ اور کسرہ کے درمیان ہو اسے گرا دینا............ہے۔ (واجب، مستحب، فرض)

(2) **اسم مبالغہ** کے............اوزان ہیں۔ (قیاسی، سماعی)

(3) **اسمائے مشتقہ** کی تعداد............ہے۔ (7،5،6)

(4) **صفت مشبہ** کے تمام صیغے............ہیں۔ (سماعی، قیاسی، مجازی)

(5) اسم............میں تذکیر وتانیث کا کوئی فرق نہیں ہوتا۔ (فاعل، مفعول، مبالغہ)

(6)............حروف کے بعد **ان** وجوبا مقدر ہوتا ہے۔ (5،6،4)

(7)............صورتوں میں جزاء پر **فاء** کا لانا واجب ہے۔ (5،4،3)

(8) **اضافت معنویہ** کی............اقسام ہیں۔ (2،4،3)

(9) **مصدر** کی............قسمیں ہیں۔ (3،4،2)

(10) **مبهم** بات پر دلالت کرنے والے **اسماء**............ہیں۔ (2،3،4)

سوال نمبر2: اعراب لگائیں۔ (20)

(ان بنی امک فیهم رماح)موکدا بان وفی البیت علی ما اشار الیه الامام المرزوقی تهکم واستهزاء کانه یرمیه بانه من الضعف والجبن بحیث لو علم ان فیهم رماحا لما التفت لفت الکفاح ولم تقویده علی حمل الرماح علی طریقة قوله شعر فقلت لمحرز لما التقینا تنکب لا یقطرک الزحام یرمیه بانه لم یباشر الشدائد ولم یدفع الی مضائق المجامع کانه یخاف علیه ان یداس بالقوائم کما یخاف علی الصبیان والنساء لقلة غنائه وضعف بنائه۔

سوال نمبر3: (الف) سوال نمبر2 میں موجود خط کشیدہ الفاظ کے وجوہِ اعراب بیان کریں۔ (10)

(ب) ترکیب کریں۔ (10)

(i) یخاف علیه ان یداس بالقوائم **(ii) انصر الفقیر البائس الذی ضرب ضربا شدیدا امام الملک والعصا**

سوال نمبر4: مندرجہ ذیل کے جوابات تحریر کریں۔ (20)

(1) الحاق کی تعریف کریں۔

(2) **وسع** سے **سعة** کیسے بنا؟

(3) غیر ثلاثی سے امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ لکھیں۔

(4) **ملحق** اور **مزید فیہ** میں فرق بیان کریں۔

(5) فعل امر مجہول بنانے کا طریقہ لکھیں۔

(6) **تنوین** کی اقسام کے نام لکھیں۔

(7) **کلمات شروط** میں سے کوئی سے چار لکھیں۔

(8) **تنازع فعلان** کی فقط چاروں صورتیں لکھیں۔

(9) **مبتداء** کی قسم ثانی کی تعریف لکھیں۔

(10) **مبهم عدد** پر دلالت کرنے والے **اسماء** لکھیں۔

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل کی صرفی تحقیق (صیغہ، فعل، باب، تعلیل، قاعدہ) بیان کریں۔ (20)

یخاف **اشیر** **قلت** **مرمی** **مرقاة**

حدیث

نوٹ: کوئی سے چار سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ ﷺ لیس فیما دون خمسۃ اوسق من التمر صدقۃ و لیس فیما دون خمس اواق من الورق صدقۃ و لیس فیما دون خمس ذود من الابل صدقۃ

(الف) حدیث پاک کا ترجمہ کریں۔ (5)

(ب) یہ حدیث کس امام کے مذہب کی مؤید ہے؟ اگر احناف کی مخالفت میں ہے تو اس کا کیا جواب ہوگا؟ (15)

(ج) زکوۃ کا لغوی و شرعی معنی بیان کریں۔ (5)

سوال نمبر2: قال رسول اللہ ﷺ اذا انفقت المراۃ من کسب زوجھا من غیر امرہ فلھا نصف اجرہ

(الف) مذکورہ حدیث کا ترجمہ کرکے خط کشیدہ کی وضاحت کریں۔ (8)

(ب) نبی کریم ﷺ نے صوم وصال سے منع فرمایا اس کی وجہ بیان کرکے اس کے جواز کی صورتیں بیان کریں۔ (8)

(ج) "افطر الحاجم والمحجوم" کیا یہ احناف کا مؤقف ہے؟ اگر نہیں تو اس کا جواب کیا ہوگا؟ (9)

سوال نمبر3: ان ھذا القرآن انزل علی سبعۃ احرف

(الف) حدیث سبعۃ احرف سے کیا مراد ہے تفصیلاً وضاحت کریں۔ (7)

(ب) توبہ کی تعریف کریں۔ (5)

(ج) "انہ لیغان علی قلبی" میں کن کن معانی کا احتمال پایا جاتا ہے اور کس معنی کو ترجیح حاصل ہوگی وضاحت کریں۔ (13)

سوال نمبر4: (الف) حج مبرور کیا ہوتا ہے؟ (5)

(ب) حالت احرام سے پہلے اور بعد میں محرم خوشبو استعمال کرسکتا ہے نیز موجودہ دور میں خوشبودار صابن استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟ (6)

(ج) وہ کون سی پانچ چیزیں ہیں جن کو حرم میں اور حالت احرام میں مار سکتے ہیں؟ حدیث کی روشنی میں بیان کریں۔ (5)

(د) ثمن الکلب، مھر البغی اور کسب الحجام کا حکم اور علت بیان کریں۔ (9)

سوال نمبر5: قال رسول اللہ ﷺ المتبایعان کل واحد منھما بالخیار علی صاحبہ مالم یتفرقا الابیع الخیار

(الف) حدیث پاک کا ترجمہ کریں۔ (5)

(ب) خط کشیدہ کے متعلق احناف کا مؤقف ایک دلیل کے ساتھ بیان کریں۔ (15)

(ج) بیع الحصاۃ اور بیع حبل حبل الحبلۃ جائز ہے یا نہیں؟ دلیل سے بیان کریں۔ (5)

2016

تفسیر+عقائد

نوٹ: حصہ اول میں دونوں سوال لازمی ہیں جبکہ حصہ دوم میں سے کوئی تین سوال حل فرمائیں۔

حصہ اول: تفسیر جلالین

سوال نمبر1: انابلوناھم امتحنا اھل مکۃ بالقحط والجوع کما بلونا اصحب الجنۃ البستان اذاقسموا لیصر منھا یقطعون ثمرتھا مصبحین وقت الصباح کیلا یشعر لھم المساکین فلا یعطونھم منھا ماکان ابوھم یتصدق بہ علیھم منھا ولا یستثنو نفطاف علیھا طائف من ربک نارا احرقتھا لیلا وھم نائمون

(الف) مذکورہ تفسیری عبارت پر اعراب لگا کر مکمل ترجمہ کریں۔ (10)

(ب) تفسیری عبارتوں کی اغراض مفسر بیان کریں، کوئی چار (10)

سوال نمبر2: وماھو ای محمد ﷺ علی الغیب ماغاب من الوحیو خبر السماء بظنین بمتھم وفی قراءۃ بالضاد ای ببخیل فینقص شیئا منہ وماھو ای القرآن بقول شیطن مسترق السمع رجیم مرجوم فاین تذھبون فای طریق تسلکون فی انکارکم القرآن واعراضکم عنہ ان ماھو الا ذکر عظۃ للعلمین الانس والجن

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں۔ (6)

(ب) تفسیری عبارتوں کی اغراض مفسر بیان کریں، کوئی چار۔ (10)

(ج) آیت کریمہ میں (بضنین) کی قراءت کے مطابق اہلسنت کا کونسا عقیدہ اور کیسے ثابت ہوتا ہے؟ (4)

حصہ دوم: العقائد والمسائل

سوال نمبر3: (الف) کتاب العقائد والمسائل کی روشنی میں "توسل بالانبیاء والاولیاء" کا حکم اور اس کا معنی تحریر کریں۔ (5)

(ب) توسل پر کوئی دو احادیث ذکر فرمائیں۔ (10)

(ج) توسل بالاموات پر بھی ایک حدیث ذکر فرمائیں۔ (5)

سوال نمبر4: (الف) کیا انبیاء کرام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اہلسنت وجماعت کا مؤقف لکھتے ہوئے کوئی 2 دلائل ذکر فرمائیں۔ (10)

(ب) انبیاء اور صالحین کی قبور کی زیارت کا کیا حکم ہے؟ عقیدہ اہلسنت لکھتے ہوئے کوئی دو احادیث بھی تحریر فرمائیں۔ (10)

سوال نمبر5: (الف) فضائل اہلبیت رسول اللہ ﷺ پر کوئی ایک آیت تحریر فرمائیں۔ (5)

(ب) کسی آیت قرآنی کے تحت ہونے والی مفسرین کی بحث تحریر کریں۔ (5)

(ج) فضائل اہلبیت پر کوئی سی دو احادیث تحریر فرمائیں۔ (10)

سوال نمبر6 (الف) نبی کریم ﷺ کے حاضر وناظر ہونے پر اہلسنت کا عقیدہ اور قرآن وحدیث سے ایک ایک دلیل تحریر کریں۔ (10)

(ب) کیا آقا ﷺ نور ہیں یا بشر؟ کسی آیت کے ساتھ ساتھ کوئی دو اقوال مفسرین اور کوئی ایک حدیث پاک بھی تحریر کریں۔ (10)

نوٹ: حصہ دوم میں جو بھی دلائل اور احادیث ذکر کریں اس کا کتاب العقائد والمسائل میں سے ہونا ضروری ہے وگرنہ جواب درست نہ ہوگا۔

2016

درجہ خامسہ

فقہ

نوٹ: پانچ سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1: وان کانت ممن لاتحیض فعدتھا ثلاثۃ اشھر۔۔۔الخ

(الف) قرآن وحدیث کے دلائل کے ساتھ ہدایہ کی مندرجہ بالا عبارت کی تشریح کریں۔ (5)

(ب) عدت کا مفہوم اور اس کی اقسام بیان کریں۔ (5)

(ج) کن عورتوں پر عدت میں سوگ واجب ہے اور کن پر واجب نہیں؟ (5)

(د) عدت کی ابتداء کب سے ہوتی ہے؟ نیز کس صورت میں عدت نہیں؟ (5)

سوال نمبر2: ویثبت نسب ولد المطلقۃ الرجعیۃ اذاجاءت بہ لسنتین او اکثر مالم تقر بانقضاء عدتھا۔۔۔۔الخ

(الف) مطلقہ رجعیہ کے ہاں دو سال سے پہلے یا دو سال کے بعد بچہ کی ولادت ہوئی تو ثبوت نسب کا کیا حکم ہے؟ (4)

(ب) متوفی عنھا زوجھا کے بچے کا نسب اس کے شوہر سے کب ثابت ہوگا اور کب ثابت نہ ہوگا؟ (4)

(ج) بچہ کی پرورش کا حق کسے حاصل ہے؟ اور بچہ کا نفقہ کس پر واجب ہے؟ دلائل سے جواب کو مزین کریں۔ (4)

(د) نفقہ کا مفہوم کیا ہے؟ شوہر پر کس بیوی کا نفقہ واجب ہے اور کس کا واجب نہیں؟ دلائل کے ساتھ تحریر کریں۔ (4)

(ر) بیوہ کے لئے دوران عدت نفقہ کے وجوب یا عدم وجوب کا حکم بیان کریں۔ (4)

سوال نمبر3: ہدایہ کی روشنی میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(الف) حانث ہونے سے قبل کفارہ ادا کرنے کا حکم کیا ہے؟ (5)

(ب) کسی مخصوص و معین درخت سے نہ کھانے کی قسم کھائی تو اس کا اطلاق کس پر ہوگا؟ (5)

(ج) تعزیر اور قصاص کو "حد" نہ کہنے کی وجہ کیا ہے؟ (5)

(د) قذف کی حد اور اس کے ثبوت کے لئے نصاب شھادت کیا ہے؟ (5)

سوال نمبر4: (الف) ہدایہ کی روشنی میں محصن یا محصنہ کی حدِ زنا کی کیفیت، حد قائم کرنے کا طریقہ اور سقوطِ حد کی صورتیں بیان کریں۔ (10)

من شرب الخمر فاخذوریحھا موجودۃ اوجاء وابہ سکران فعلیہ الحد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الخ

(ب) شراب نوشی کی حد کیا ہے اور یہ کہاں سے ثابت ہے؟ دلیل سے بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر5: واذاقذف الرجل رجلا محصنا او امرءۃ محصنۃ بصریح الزناء وطالب المقذوف بالحد حدہ الحاکم ثمانین سوطاان کان حرا۔۔۔۔۔الخ

(الف) ترجمہ و تشریح کریں نیز قذف کی حد کی دلیل کیا ہے؟ اور حد قذف کے وجوب کی شرائط بیان کریں۔ (10)

(ب) ہدایہ کی روشنی میں بتائیں کہ کن الفاظ پر قذف نہیں اور کن پر قذف ہے؟ (10)

سوال نمبر6: مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں۔ (20)

(i) خلوت صحیحہ (ii) خلوت فاسدہ (iii) طلاق بائن (iv) مقذوف (V) محدود فی القذف

یا

(i) یمین غموس (ii) یمین لغو (iii) نذر شرعی (iv) نذر عرفی (لغوی) (v) اسباب وجوب نفقہ

درجہ خامسہ

2016

منطق

نوٹ: کوئی سے چار سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1: الرسالة مرتبة على مقدمة وثلث مقالات وخاتمة

(الف) الرسالہ سے کیا مراد ہے؟ اس کا مصنف کون ہے؟ رسالہ کو امور مذکورہ بالا پر کیوں مرتب کیا گیا ہے؟ وجہ تحریر کریں۔ (15)

(ب) عبارت مذکور بالا کی روشنی میں بتائیں کے مقدمہ، ثلث مقالات اور خاتمہ میں کن کن امور کا بیان ہے؟ (10)

سوال نمبر2: وانما عرف مطلق التصور دون التصور فقط مع ان المقام يقتضى تعريفه

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں، مطلق تصور کی تعریف کریں نیز مطلق تصور اور تصور فقط میں کیا فرق ہے؟ بیان کریں۔ (10)

(ب) عبارت مذکور ایک اعتراض کا جواب ہے، آپ اعتراض مع جواب تحریر کریں۔ (5)

(ج) درج ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں۔ (10)

دلالت تضمنی　　دلالت التزامی　　دلالت مطابقی

سوال نمبر3: (الف) مطلق موضوع کی تعریف کرتے ہوئے علم منطق کا موضوع بیان کریں نیز عوارض ستہ تفصیلا تحریر کریں۔ (10)

(ب) استلزام وعدم استلزام کے اعتبار سے دلالت ثلاثہ کے درمیان نسبت بیان کریں۔ (15)

سوال نمبر4: وهو ان لم يصلح لان يخبربه وحده فهو الاداة كفى و لا

(الف) مفرد کی اقسام ثلاثہ بیان کرتے ہوئے ان کی تعریف مع امثلہ اور ان کی وجہ تسمیہ بیان کریں۔ (15)

(ب) مشکک کی تعریف کرتے ہوئے اس کی وجہ تسمیہ بیان کریں نیز اس کی اقسام ثلثہ بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر5: (الف) کلی جزئی کی تعریف کرتے ہوئے ان کی وجہ تسمیہ بیان کریں۔ (10)

(ب) درج ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں۔ (15)

تمام جزء مشترک　　عرض لازم　　عرض مفارق　　حمل بالمواطاة　　حمل بالاشتقاق

بلاغت

نوٹ: کوئی سے پانچ سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: (الف) مسند الیہ کو مقدم کرنے کے کوئی سے پانچ مقامات مع امثلہ تحریر کریں۔ (15)

(ب) انت لاتکذب، لا تکذب انت ان دونوں کا فرق مختصر کی روشنی میں واضح کریں۔ (5)

سوال نمبر2: ووافقه السكاكی علی ذالک لکن خالف فی شرائط وتفاصيل

(الف) عبارت مذکور کی وضاحت مختصر کی روشنی میں کریں علامہ سکاکی کی شرائط بھی تحریر کریں۔ (10)

(ب) اسم ظاہر کو اسم ضمیر کی جگہ استعمال کرنے کے کوئی 3 مقامات مع امثلہ لکھیں۔ (10)

سوال نمبر3: (الف) ان، اذا، لو، درج شدہ الفاظ کے استعمال کا فرق مختصر کی روشنی میں مع امثلہ بیان کریں۔ (15)

(ب) تغلیب پر نوٹ لکھیں۔ (5)

سوال نمبر4: (الف) مسند کو جملہ کن مقاصد کے لئے لایا جاتا ہے وضاحت سے تحریر کریں۔ (10)

(ب) مسند کو مقدم کرنے کی 3 صورتیں مع امثلہ لکھیں۔ (10)

سوال نمبر5: (الف) درج ذیل اصطلاحات کی وضاحت کریں۔ (10)

(i) خبر فعلی (ii) سلب العموم (iii) تاسیس (iv) التفات (v) قلب

(ب) قبعثری اور حجاج کے واقعہ کو تحریر کریں نیز بتائیں کہ مصنف نے اسے کس قاعدہ کی وضاحت کے لئے ذکر کیا ہے؟ (10)

سوال نمبر6: کثیر مما ذکر فی هذا الباب والذی قبله غير مختص بهما

(الف) عبارت مذکورہ کی وضاحت مختصر المعانی کی روشنی میں کریں۔ (10)

(ب) احوال متعلقات فعل کا مختصر خلاصہ لکھیں۔ (10)

ادب

نوٹ: چار سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: درجہ ذیل عبارت کا ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ الفاظ کی صرفی تحقیق فرمائیں۔ (13+12=25)

ونستغفرک من سوق الشهوات الی سوق الشبهات کما نستغفرک من نقل الخطوات الی خطط الخطیئات ونستوهب منک توفیقا قائدا الی الرشد وقلبا متقلبا مع الحق ولسانا متحلیا بالصدق ونطقا مویدا بالحجة واصابة ذائدة عن الذیغ وعزیمة قاهرة عن هوی النفس وبصیرة ندرک بها عرفان القدر وان تسعدنا بالهدایة الی الدرایة وتعضدنا بالاعانة علی الابانة

سوال نمبر 2: درج ذیل الفاظ میں سے کوئی سے 25 لغوی معانی تحریر کریں۔ (25)

(۱)غوائل (۲)مورد (۳)مکثار (۴)ملح (۵)المواعظ (۶)حلو
(۷)حتف (۸)الجادع (۹)انف (۱۰)مارن (۱۱)ذی غمر (۱۲)یندد
(۱۳)سلک (۱۴)الموئل (۱۵)جراب (۱۶)المطاف (۱۷)دمع (۱۸)شخت الخلقه
(۱۹)السادل (۲۰)ناصیة (۲۱)المشیب (۲۲)احاطة الهالة (۲۳)الاکمام (۲۴)قبح
(۲۵)شباة (۲۶)حب (۲۷)ارتحال (۲۸)سباق

سوال نمبر 3: درج ذیل الفاظ کے کوئی سے 25 واحد جمع تحریر کریں۔ (25)

(۱)الوعظ (۲)بصیرة (۳)اسجاع (۴)رقیب (۵)ادهر (۶)قصر
(۷)الوان (۸)ادباء (۹)اثر (۱۰)سریر (۱۱)الموئل (۱۲)غمر
(۱۳)حتف (۱۴)طارق (۱۵)عائق (۱۶)آبق (۱۷)عرج (۱۸)موت
(۱۹)ارقم (۲۰)وفات (۲۱)نعل (۲۲)ثناء (۲۳)الوعاء (۲۴)اهب
(۲۵)مناهل (۲۶)رکب (۲۷)العبر

سوال نمبر 4: درج ذیل عبارت کا ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ اسماء کی جمع، واحد اور افعال کی صرفی تحقیق کریں۔ (25)

فیدعی تارة انه من آل ساسان ویعتزی مرة الی اقیال غسان ویبرز طورا فی شعائر الشعراء ویلبس حینا کبر الکبراء بید انه مع تلون حاله وتبین محاله یتحلی برواء ورواية ومدارة ودراية وبلاغة رائعة وبديهة مطاوعة وآداب بارعة وقدم لاعلام العلوم فارعة فکان لمحاسن آلاته یلبس علی علاته

سوال نمبر 5: (الف) مقامہ کی تعریف نیز مقامہ رابعہ کا خلاصہ تحریر کریں۔ (15)

(ب) درست معانی پر نشان لگائیں۔ (10)

بوس	(کمزوری، تنگی)	غارب	(کندھا، غائب ہونا)	افاویق	(دودھ، اتفاق)
نذیل	(اترنا، مہمان)				
فارعة	(فارغ، چڑھنا)	وهاد	(عطا کرنا، پست زمین)	نهض	(کھڑا ہوا، جاگا)
ذمام	(وعدہ، لگام)				
ظعنت	(میں نے گمان کیا، میں نے کوچ کیا)			الکری	(نیند، پینا)

خصوصی پرچہ

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: مختصر جوابات تحریر کریں۔ (20)

(i) مبتدا کی قسم ثانی کسے کہتے ہیں؟
(ii) متفجع علیه عدما اور متفجع علیه وجودا کسے کہتے ہیں؟
(iii) کون سا اَن فعل مضارع کو نصب نہیں دیتا؟
(iv) مبہم نسبت کن چیزوں میں ہوتی ہے؟
(v) صلہ میں کس چیز کا ہونا ضروری ہے؟
(vi) ملحق اور مزید فیہ میں کیا فرق ہے؟
(vii) فاعل ذی کذا کسے کہتے ہیں؟
(viii) ہمزہ زائدہ کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں؟
(ix) مصدر میمی کی تعریف کرکے اس کے اوزان کی وضاحت کریں؟

سوال نمبر2: اعراب لگائیں۔ (20)

عن ابی بریدۃ قال قال رسول اللہ ﷺ من قرء القرآن یتاکل بہ الناس جاء یوم القیمۃ ووجھہ عظم لیس علیہ لحم رواہ البیھقی فی شعب الایمان

سوال نمبر3: خالی جگہ پر کریں۔ (20)

(i) اسم------------تذکیر وتانیث---------------نہیں ہوتا۔
(ii) صفت مشبہ کی دلالت--------------صفت پر اور اسم فاعل کی-----------پر ہوتی ہے۔
(iii) اعداد میں فاعل کا صیغہ-----------------کے لئے آتا ہے۔
(iv) نون تاکید-----------------طرح ہوتا ہے 1----------------2----------------
(v) ماضی مطلق سے پہلے------------لگانے سے ماضی بعید بن جاتا ہے۔
(vi) جس چیز کی قسم کھائی گئی ہو-------------کہتے ہیں۔
(vii) منادی--------------------تو منصوب ہوگا۔
(viii) جس جگہ یا وقت میں-----------اسے------------کہتے ہیں۔
(ix) جو عامل پڑھنے میں آئے اسے------------کہتے ہیں اور جو عامل پڑھنے میں نہ آئے-------------کہتے ہیں۔
(x) جس کلام میں نفی، نہی یا استفہام نہ ہو-------------کہتے ہیں۔

سوال نمبر4: خط کشیدہ الفاظ کی وجوہ اعراب تحریر کریں نیز خط کشیدہ جملہ کی ترکیب کریں۔ (20)

لان الکلام اما خبر او انشاء لانہ لا محالۃ یشتمل علی نسبۃ تامۃ بین الطرفین قائمۃ بنفس المتکلم وھو تعلق احد الشیئین بالاٰخر بحیث یصح السکوت علیہ سواء کان ایجابا او سلبا------فالکلام ان کان لنسبتہ خارج فی احد الازمنۃ الثلاثۃ تطابقہ او لا تطابقہ فخبر

سوال نمبر5: (الف) صیغوں کی نشاندہی کریں کہ کس باب سے ہیں اور کون سے ہیں؟ (10)

اِبْرَنْشَقَ مِنْصَارٌ قُلَّبٌ لَاتُفْعَلْنَانِّ مَا كُنْتِ تُفْعَلِيْنَ

(ب) باب افعنلاء بنانے کا مکمل طریقہ لکھیں، مضارع مفتوح العین اور مکسو العین سے اسم ظرف کس طرح بنے گا، ماضی احتمالی منفی بنانے کا طریقہ بیان کریں۔ (10)

حدیث

نوٹ: چار سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: مندرجہ ذیل احادیث کا ترجمہ کریں۔ (5+10+10)

(الف) قال رسول اللہ ﷺ من اٰتاہ اللہ مالا فلم یؤد زکوٰتہ مثل لہ مالہ یوم القیامۃ شجاعا اقرع لہ زبیبتان یطوقہ یوم القیامۃ ثم یأخذ بلھزمتیھیعنی شدقیہ ثم یقول انا مالک انا کنزک ثم تلا ((ولا یحسبن الذین یبخلون))

(ب) عن علی رضی اللہ عنہ انّ النبی ﷺ قال لیس فی الخضروات صدقۃ ولا فی العرایا صدقۃ ولا فی اقل من خمسۃ اوسق صدقۃ ولا فی العوامل صدقۃ ولا فی الجبھۃ صدقۃ

(ج) قال رسول اللہ ﷺ لو دعیت الی کراع لاجبت ولو اھدی الی ذراع لقبلت

سوال نمبر2: مندرجہ ذیل احادیث کا ترجمہ کریں۔ (15+10)

(الف) قال رسول اللہ ﷺ شر ما فی الرجل شح ھالع و جبن خالع

(ب) عن ابی ھریرۃ ان النبی ﷺ دخل علی بلال وعندہ صبرۃ من تمر فقال ما ھذا یا بلال قال شیئ اذخرتہ لغد فقال اما تخشی ان تری لہ غدا بخارا فی نار جھنم یوم القیامۃ انفق بلال ولا تخش من ذی العرش اقلالا

سوال نمبر3: مندرجہ ذیل احادیث کا ترجمہ کریں۔ (15+10)

(الف) ان رسول اللہ ﷺ قال لا تصوموا یوم السبت الا فیما افترض علیکم فان لم یجد احدکم الا لحاء عنبۃ او عود شجرۃ فلیمضغہ

(ب) قال رسول اللہ ﷺ تعلموا القراٰن فاقرءوہ فان مثل القراٰن لمن تعلم فقرء وقام بہ کمثل جراب محشو مسکا تفوح ریحہ کل مکان و مثل من تعلمہ فرقد وھو فی جوفہ کمثل جراب اوکی علی مسک

سوال نمبر4: مندرجہ ذیل احادیث کا ترجمہ کریں۔ (10+15)

(الف) قال رسول اللہ ﷺ لن ینجی احدا منکم عملہ قالوا ولا انت یا رسول اللہ ﷺ قال ولا انا الا ان یتغمدنی اللہ منہ برحمتہ فسددوا وقاربوا واغدوا وروحوا و شیئ من الدلجۃ والقصد القصد تبلغوا

(ب) کان رسول اللہ ﷺ اذا سافر یتعوذ من وعثاء السفر وکابۃ المنقلب والحور بعد الکور ودعوۃ المظلوم و سوء المنظر فی الاھل والمال

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل احادیث کا ترجمہ کریں۔ (15+10)

(الف) عن فضالۃ بن ابی عبید قال اشتریت یوم خیبر قلادۃ باثنی عشر دینارا فیھا ذھب و خرز ففصلتھا فوجدت فیھا اکثر من اثنی عشر فذکرت ذلک للنبی ﷺ فقال لا تباع حتی تفصل

(ب) عن جابر رضی اللہ عنہ انہ سمع رسول اللہ ﷺ یقول عام الفتح وھو بمکۃ ان اللہ ورسولہ حرم بیع الخمر والمیتۃ والخنزیر والاصنام فقیل یا رسول اللہ ﷺ ارایت شحوم المیتۃ فانہ تطلی بھا السفن و یدھن بھا الجلود و یستصبح بھا الناس فقال لا ھو حرام

تفسیر+عقائد

نوٹ: حصہ اول اور حصہ دوم دونوں میں سے دو،دو سوال حل کریں۔

حصہ اول: تفسیر

سوال نمبر1: قُلْ هُوَالَّذِيْ ذَرَاَكُمْ خلقكم فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ للحساب وَيَقُوْلُوْنَ للمؤمنين مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ وعد الحشر اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ فيه قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ بمجيئه عِنْدَ اللّٰهِ وَاِنَّمَا اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ بين الانذار فَلَمَّا رَاَوْهُ اى العذاب بعد الحشر زُلْفَةً قريبا سِيْٓــَٔتْ اسودت وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ اى قال الخزنة لهم هٰذَا اى العذاب الَّذِيْ كُنْتُمْ بِه بانذاره تَدَّعُوْنَ انكم لا تبعثون

(الف) ترجمہ کریں نیز اغراض مفسر تحریر کریں۔ (7+8)

عتل بعد ذلک زنیم

(ب) یہ آیت کس کے بارے میں نازل ہوئی نیز اس کے تحت مفسر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا جو قول نقل کیا ہے تحریر کریں۔ (5)

انا بلونهم کما بلونا اصحاب الجنة

(ج) باغ والوں کا قصہ تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر2: يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ النبی واصله المتزمل ادغمت التاء فی الزای ای المتلفف بثیابه حین مجیئ الوحی له خوفا منه لهیبته قُمِ الَّيْلَ صل اِلَّا قَلِيْلًا نِّصْفَهٗ بدل من قلیلا وقلته بالنظر الی الکل اَوِ انْقُصْ مِنْهُ من النصف قَلِيْلًا ای الثلث اَوْ زِدْ عَلَيْهِ الی الثلثین واو للتخییر وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تثبت فی تلاوته تَرْتِيْلًا اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا قرآنا ثَقِيْلًا مهیبا او شدیدا لما فیه من التکالیف

(الف) ترجمہ کریں نیز اغراض مفسر تحریر کریں۔ (7+8)

فما منکم من احد عنه حاجزین

(ب) ما کا اسم کیا ہے حاجزین کو جمع کیوں لایا گیا نیز عنہ میں ضمیر مجرور کا مرجع کیا ہے؟ تفسیر جلالین کی روشنی میں تحریر کریں۔ (5)

(ج) ''وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ'' اس کی تفسیر جلالین کی روشنی میں تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر3: يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ الکافر مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ حتی عصیته اَلَّذِيْ خَلَقَكَ بعد ان لم تکن فَسَوّٰىكَ جعلك مستوی الخلق سالم الاعضاء فَعَدَلَكَ بالتخفیف والتشدید جعلک معتدل الخلق متناسب الاعضاء لیست ید او رجل اطول من الاخری فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا زائدة شَآءَ رَكَّبَكَ كَلَّا ردع عن الاغترار بکرم الله بَلْ تُكَذِّبُوْنَ کفار مکة بِالدِّيْنِ الجزاء علی الاعمال

(الف) ترجمہ کریں نیز اغراض مفسر تحریر کریں۔ (7+8)

(ب) ''وجمع الشمس والقمر'' اس کی تفسیر جلالین کی روشنی میں تحریر کریں۔ (5)

(ج) ''بل هو قرآن مجید فی لوح محفوظ'' اس کی تفسیر جلالین کی روشنی میں تحریر کریں۔ (5)

حصہ دوم: عقائد

سوال نمبر4: (الف) کرامات اولیاء کے وقوع پر دلائل تحریر کریں۔ (15)

(ب) کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت حالت بیداری میں ممکن ہے؟ دلائل کے ساتھ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر5: (الف) کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاضر و ناظر ہیں؟ دلائل کے ساتھ تحریر کریں۔ (15)

(ب) غیر اللہ کی قسم کھانے کا حکم تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر6: (الف) فضائل اہل بیت تفصیلا تحریر کریں۔ (15)

(ب) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیب پر مطلع ہونا دلائل سے ثابت کریں۔ (10)

فقه

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے بقیہ میں سے کوئی تین سوالات کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) مختصر جوابات دیں۔ (15)

(1) حاملہ، متوفی عنہازوجہاحرہ، باندی مطلقہ غیر حائضہ، حرہ مطلقہ غیر حائضہ، متوفی عنہازوجہا موطوہ بالشبہ کی عدت تحریر کریں۔

(2) اگر کسی شخص نے اپنی عورت کو حالت حیض میں طلاق دی تو وہ حیض عدت میں شمار ہوگا یا نہیں؟ نیز معتقہ ام ولد کی عدت تحریر کریں۔

(3) مطلقہ رجعیہ، مطلقہ بائنہ، متوفی عنہازوجہا عدت میں گھر سے باہر نکل سکتی ہیں یا نہیں؟ علت بھی تحریر کریں۔

(ب) درج ذیل کی اصطلاحی تعریفات تحریر کریں۔ (10)

یمین غموس　　یمین منعقدہ　　حدقذف　　حد　　سرقہ

سوال نمبر 2: وان اسلفہانفقۃ السنۃ ثم مات لم یسترجع منہا بشئ وھذاعندابی حنیفۃ وابی یوسف وقال محمد یحتسب لہانفقۃ مامضی ومابقی للزوج

(الف) ترجمہ کریں نیز نفس مسئلہ کی وضاحت مع اختلاف آئمہ ودلائل تحریر کریں۔ (10+5)

واذاطلق الرجل امرأتہ فلہاالنفقۃ والسکنی فی عدتہار جعیاکان اوبائنا

(ب) نفس مسئلہ کی وضاحت مع اختلاف آئمہ ودلائل تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر 3: ولوقال کل حلّ علیّ حرام فھو علی الطعام والشراب الاان ینوی غیرذلک

(الف) ترجمہ کریں نیز نفس مسئلہ کی وضاحت مع اختلاف آئمہ ودلائل تحریر کریں۔ (12+3)

(ب) درج ذیل میں سے کن الفاظ سے قسم منعقد ہوگی اور کن سے نہیں؟ نیز وجہ بھی تحریر کریں۔ (10)

علم اللہ　　غضب اللہ　　الرحمن　　عہداللہ　　القرآن

سوال نمبر 4: فان سرق ثانیاقطعت رجلہ الیسری فان سرق ثالثالم یقطع وخلدفی السجن حتی یتوب

(الف) نفس مسئلہ کی وضاحت مع اختلاف آئمہ ودلائل تحریر کریں۔ (15)

لاقطع علی خائن ولاخائنۃ ولامنتہب ولامختلس ولاقطع علی النباش

(ب) خائن، خائنہ، منتہب، مختلس کے ہاتھ نہ کاٹے جانے کی علت تحریر کریں نیز نباش کے ہاتھ کاٹے جانے یا نہ کاٹے جانے میں اختلافع دلائل تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر 5: والاقراران یقرالبالغ العاقل علی نفسہ بالزناء اربع مرات فی اربع مجالس من مجالس المقرکلمااقرّردہ القاضی

(الف) نفس مسئلہ کی وضاحت کرتے ہوئے فوائد قیودات تحریر کریں۔ (15)

(ب) مرد اور عورت کو رجم کرنے اور کوڑے لگانے میں کن کن باتوں کا خیال رکھا جائے گا؟ (10)

منطق

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے بقیہ میں سے کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1: (الف) قطبی کا اصل نام، متن کا نام نیز صاحب قطبی کا تعارف تحریر کریں۔ (10+2+3)

(ب) درج ذیل کی اصطلاحی تعریفات تحریر کریں۔ (10)

دور　　تسلسل　　حکم　　نظر وفکر　　تصور

سوال نمبر2: وسبب العدول عنه ورود الاعتراض على التقسيم المشهور من وجهين

(الف) علم کی مشہور تقسیم کیا ہے اور ماتن نے کیا کی؟ نیز مشہور تقسیم سے عدول کا سبب تفصیلاً تحریر کریں۔ (15)

(ب) متن کتنی چیزوں پر مشتمل ہے؟ مع وجہ حصر تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر3: ولما کان النظر فيهما من حيث انها دلائل المعانى قدم الكلام فى الدلالة

(الف) دلالت کا لغوی واصطلاحی معنی، دلالت کی تمام اقسام کے نام نیز دلالت لفظیہ وضعیہ کی اقسام مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں۔ (9+3+2+1)

وان لم يقصد بجزء منه الدلالة على جزء معناه فهو المفرد

(ب) لفظ و معنی کے اجزاء ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے مفرد کی اقسام مع امثلہ تحریر کریں نیز مفرد تو مرکب پر مقدم ہوتا ہے ماتن نے اس کو مؤخر کیوں کیا؟ (6+4)

سوال نمبر4: فان كان الاول اى ان كان معناه واحدا

(الف) لفظ مفرد کی معنی کی وحدت کے اعتبار سے اقسام، تعریفات، امثلہ اور وجوہ تسمیہ تحریر کریں نیز تشکیک کی صورتیں تحریر کریں۔ (10+5)

(ب) فصل کی تعریف مع فوائد قیودات قطبی کی روشنی میں تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر5: (الف) ماتن کی بیان کردہ نوع کی تعریف مع فوائد قیودات تحریر کریں نیز اس پر وارد ہونے والے اعتراضات مع جوابات تحریر کریں۔ (5+10)

ثم لازم الماهية اما بين او غير بين

(ب) لازم بین اور لازم غیر بین کی اقسام مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں۔ (10)

بلاغت

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے بقیہ میں سے کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1: (الف) مختصر جوابات دیں۔ (15)

(1) ما انا رأیت احدا کے عدم جواز کی وجہ تحریر کریں۔

(2) انت لا تکذب کذب کی نفی میں لا تکذب انت سے اشد کیسے ہے؟

(3) سکاکی کے نزدیک مسند الیہ کی تقدیم کے مفید تخصیص ہونے کی کیا شرائط ہیں؟

(4) تاکید اور تاسیس میں کون راجح ہے اور کیوں راجح ہے؟

(5) سکاکی کے نزدیک شرٌّ اھرّ ذا ناب میں تخصیص سے کیا مانع ہے؟

(ب) درست/غلط کی نشاندہی کریں۔ (10)

(1) امیر المؤمنین یأمرک بکذا میں اسم ضمیر کی جگہ اسم ظاہر کو زیادتی تمکن کیلئے لایا گیا ہے۔

(2) سکاکی کے نزدیک التفات جمہور کے نزدیک التفات سے اخص ہے۔

(3) تلقی المخاطب بغیر ما یترقبہ خلاف مقتضی ظاھر کی ایک صورت ہے۔

(4) سکاکی کے نزدیک قلب ? مقبول ہے۔

(5) زید منطلق وعمرو میں مسند کو احتراز عن العبث کیلئے حذف کیا گیا ہے۔

سوال نمبر2: (الف) شیخ عبد القاہر کے نزدیک مسند الیہ کی تقدیم کب تخصیص اور کب تقوی حکم کا فائدہ دے گی تفصیلا تحریر کریں۔ (15)

(ب) جمہور کے نزدیک التفات کیا ہے؟ نیز التفات کی تمام اقسام مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر3: (الف) ترک مسند کی پانچ صورتیں مع امثلہ ووضاحت تحریر کریں۔ (15)

(ب) ''لا بد للحذف من قرینۃ'' مسند کے حذف کیلئے قرینہ کا ہونا کیوں ضروری ہے؟ نیز قرینے کی صورتیں مختصر المعانی کی روشنی میں مع امثلہ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر4: وقد تستعمل ان فی مقام الجزم بوقوع الشرط

(الف) ''ان'' کو مقام جزم میں استعمال کرنے کی کوئی سی پانچ صورتوں کی وضاحت مع امثلہ کریں۔ (15)

والمقید فی ''کان زید منطلقا'' ھو منطلقا لا کان

(ب) یہ عبارت کس اعتراض کا جواب ہے اعتراض وجواب کی تقریر تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر5: (الف) مختصر المعانی کی روشنی میں درج ذیل کے جوابات تحریر کریں۔ (15)

(1) التفات میں حسن کی وجہ کیا ہے؟

(2) تعریض میں حسن کی وجہ کیا ہے؟

(3) لفظ مثل اور لفظ غیر جب بطور کنایہ استعمال ہوں تو ان کی تقدیم لازم کی طرح کیوں سمجھی جاتی ہے؟

(ب) درج ذیل کی اصطلاحی تعریفات تحریر کریں۔ (10)

تعریض　　تغلیب　　تاسیس　　مسند سببی　　عموم نفی

ادب

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے بقیہ میں سے کوئی سے چار سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1: (الف) صاحبِ مقاماتِ حریری کا تعارف تحریر کریں۔ (10)

(ب) مقاماتِ حریری میں موجود مقامات کا اسلوب نیز وجہ تالیف بھی تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر2: ونستکفی بک الافتتان باطراء المادح واغضاء المسامح کما نستکفی بک الانتصاب لازراء القادح وھتک الفاضح ونستغفرک من سوق الشبھات الی سوق الشبھات کما نستغفرک من نقل الخطوات الی خطط الخطیئات ونستوھب منک توفیقا قائدا الی الرشد وقلبا متقلبا مع الحق ولسانا متحلیا بالصدق

(الف) ترجمہ کریں۔ (10)

(ب) درج ذیل صیغوں کی صرفی تحقیق کریں۔ (10)

نَسْتَكْفِيْ مَسَامِح نَسْتَغْفِرُ نَسْتَوْهِبُ مُتَقَلِّبٌ

سوال نمبر3: فسمعته یقول حین خب فی مجالہ وھدرت شقاشق ارتجالہ ایھا السادر فی غلوائہ السادل ثوب خیلائہ الجامح فی جھالاتہ الجانح الی خزعبلاتہ الام تستمر علی غیک وتستمری مرعی بغیک وحتام تتناھی فی زھوک ولا تنتھی عن لھوک تبارز بمعصیتک مالک ناصیتک وتجترئ بقبح سیرتک علی عالم سریرتک وتتواری عن قریبک

(الف) ترجمہ کریں۔ (10)

(ب) درج ذیل جموع کے مفردات تحریر کریں۔ (10)

اَسْجَاعٌ اَسْمَاعٌ زَوَاجِرُ اَكْمَامٌ فَرَائِدُ

شِقَاشِقُ خُزَعِبْلَات يَوَاقِيْتُ صَدُقَات صِحَافٌ

سوال نمبر4: فلما حلت حلوان وقد بلوت الاخوان وسبرت الاوزان وخبرت ماشان وزان الفیت بھا ابازید السروجی یتقلب فی قوالب الانتساب ویخبط فی اسالیب الاکتساب فیدعی تارۃ انہ من آل ساسان ویعتزی مرۃ الی اقیال غسان ویبرز طورا فی شعائر الشعراء ویلبس حینا کبر الکبراء

(الف) ترجمہ کریں۔ (10)

(ب)۔درج ذیل مفردات کے جموع تحریر کریں۔ (10)

كَأْسٌ عَرِيْنٌ هَيْئَةٌ مَوْرِدٌ مَرْبَعٌ خُبْزٌ نَارٌ تَمِيْمَةٌ عِمَامَةٌ شِيْصَةٌ

سوال نمبر5: (الف) مقامۂ ثالثہ کا خلاصہ تحریر کریں۔ (10)

(ب) درج ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ (10)

لُؤْلُؤًا عُنَّابٌ غُصْنٌ بِلَّوْر دَجُوْجِيّ فَلْسٌ اُهْبَةٌ رَنَّةٌ جَوَلَان هَائِمٌ

سوال نمبر6: اَكْرِمْ بِهٖ اَصْفَرَ رَاقَتْ صُفرتُه ـــ جوّاب آفاقٍ ترامت سفرته

ماثورةٌ سمعتُه وشهرتُه ـــ قد اودعت سرّ الغِنٰی اسرّتُه

وقارنت نجح المساعی خَطْرته ـــ وحبّبتْ الی الانامِ غرّتُه

کانّما من القلوب نُقْرَتُه ـــ بہ یَصُوْلُ مَنْ حوتہ صرته

(الف) ترجمہ کریں۔ (10)

فأمْطَرَتْ لؤلؤا مِنْ نَرْجِسٍ وسقت ـــ وردًا وعضّت علی العُنَّاب بالبَرَدِ

(ب) ترجمہ کریں نیز اس میں کتنی تشبیہات ہیں مشبہ اور مشبہ بہ واضح کریں۔ (3+7)

درجہ خامسہ

خصوصی پرچہ

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1: (الف) خالی جگہ پر کریں۔ (10)

(1) جس چیز پر تعجب کیا جائے اسے ---------- کہتے ہیں۔ (2) جو الف لام مدخول میں کوئی معنی پیدا کرے اسے ---------- کہتے ہیں۔

(3) موانع تنوین ---------- ہیں۔ (4) اگر منادی کے آخر میں ---------- ہو تو دو حروف گریں گے۔

(5) ---------- کی وجہ سے مضاف معرفہ یا نکرہ مخصوصہ نہیں بنتا۔

(ب) درست غلط کی نشاندہی کریں۔ (10)

(1) وہ (ی) ساکن غیر مدہ جس کا ما قبل مضموم ہو اسے واؤ سے بدل دینا جائز ہے۔ (----------)

(2) واؤ یا یاء کا ما قبل حرف صحیح ساکن ہو تو ان کی حرکت ما قبل کو دینا جائز ہے۔ (----------)

(3) وہ واؤ جو جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو اسے یاء سے بدلنا واجب ہے۔ (----------)

(4) مصدر کے علاوہ ہر وہ اسم جو فعال کے وزن پر ہو اس کے پہلے عین کلمہ کو یاء سے بدلنا جائز ہے۔ (----------)

(5) جب دو ہمزہ ایک ساتھ آئیں اور دوسرا ہمزہ وصلیہ اور مفتوحہ ہو تو اسے الف سے بدلنا واجب ہے۔ (----------)

سوال نمبر 2: النوع کما یطلق علی ما ذکرناہ وھو المقول علی کثیرین متفقین بالحقیقۃ فی جواب ما ھو یقال لھا النوع الحقیقی لان نوعیتہ انما ھی بالنظر الی حقیقۃ الواحدۃ الحاصلۃ فی افرادہ

اعراب لگائیں۔ (20)

سوال نمبر 3: وما یکون لہ جزء دال علی المعنی لکن ذلک المعنی لا یکون جزء المعنی المقصود کعبد اللہ علما فان لہ جزءا کعبد دالا علی المعنی وھو العبودیۃ لکنہ لیس جزء المعنی المقصود ای الذات المشخصۃ

(الف) خط کشیدہ الفاظ کی وجوہ اعراب تحریر کریں۔ (10)

ھو المقول علی کثیرین متفقین بالحقیقۃ　　　علیہ توکلت والیہ انیب

(ب) مذکورہ جملوں کی ترکیب نحوی تحریر کریں۔ (5+5)

سوال نمبر 4: مختصر جوابات دیں۔ (20)

(1) مصدر کسے کہتے ہیں؟ (2) کس صورت میں اسم فاعل مذکر و مؤنث دونوں طرح آسکتا ہے؟

(3) اسم تفضیل من کے ساتھ ہو تو کس طرح آئے گا؟ (4) کیا فعل تعجب اور متعجب منہ کے درمیان کوئی چیز آسکتی ہے؟

(5) کونسی تنوین اسم کے ساتھ خاص نہیں ہے؟ (6) تخفیف کسے کہتے ہیں؟

(7) حرف لم فعل مضارع پر داخل ہو کر کیا معنوی عمل کرتا ہے؟ (8) نون ضمیری کسے کہتے ہیں؟

(9) ماضی بعید بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔ (10) مرکبات میں مرتبہ ظاہر کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

سوال نمبر 5: مکمل صیغہ مع تعلیلات و قواعد تحریر کریں۔ (5x4)

جَاءٍ　　لم یَفِرَّ　　زِنَۃٌ　　خِفْنَ　　کَیْنُوْنَۃٌ

حدیث

نوٹ: کوئی سے 4 سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: عن البراء ابن عازب قال امرنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم بسبع و نہانا عن سبع امرنا بعیادۃ المریض واتباع الجنائز وتشمیت العاطس وردالسلام واجابۃ الداعی وابرار المقسم ونصر المظلوم ونہانا عن خاتم الذھب وعن الحریر والاستبرق والدیباج والمیثرۃ الحمراء والقسی وانیۃ الفضۃ وفی روایۃ وعن الشرب فی الفضۃ فانہ من شرب فیہا فی الدنیا لم یشرب فیہا فی الاخرۃ

(الف) حدیث مبارکہ کا ترجمہ کرتے ہوئے (ابرار المقسم) کا مفہوم بیان کریں۔ (15)

عن عطاء ابن ابی رباح قال قال لی ابن عباس الا اریک امراۃ من اہل الجنہ قلت بلی قال ہذہ المراۃ السوداء اتت النبی علیہ السلام فقالت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی اصرع و اتکشف فادع اللہ فقال ان شئت صبرت ولک الجنۃ وان شئت دعوت اللہ ان یعافیک فقالت اصبر فقالت انی اتکشف فادع اللہ ان لا اتکشف فدعا لہا

(ب) ترجمہ کریں۔ (10)

سوال نمبر2: عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ علیہ السلام من اتاہ اللہ مالا فلم یؤد زکوتہ مثل لہ مالہ یوم القیمۃ شجاعا اقرع لہ زبیبتان یطوقہ یوم القیمۃ ثم یاخذ بلھز متیہ یعنی شدقیہ ثم یقول انا مالک انا کنزک ثم تلا ولا یحسبن الذین یبخلون الایۃ رواہ البخاری

(الف) ترجمہ کریں۔ (10)

عن عدی بن عمیرۃ قال قال رسول اللہ من استعملناہ منکم علی عمل فکتمنا مخیطا فما فوقہ کان غلولا یاتی بہ یوم القیمۃ رواہ مسلم

(ب) ترجمہ کریں۔ (10)

عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العجماء جرحہا جبار والبئر جبار والمعدن جبار وفی الرکاز الخمس متفق علیہ

(ج) ترجمہ کریں۔ (5)

سوال نمبر3: عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان الجنۃ تزخرف لرمضان من راس الحول الی حول قابل قال فاذا کان اول یوم من رمضان ھبت ریح تحت العرش من ورق الجنۃ علی الحور العین فیقلن یا رب اجعل لنا من عبادک ازواجا تقربھم اعیننا وتقر اعینھم بنا

(الف) ترجمہ کریں۔ (10)

عن ابن عمر قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا افطر قال ذھب الظما وابتلت العروق وثبت الاجر ان شاء اللہ

(ب) ترجمہ کریں۔ (8)

عن عبداللہ ابن بسر عن اختہ الصماء ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تصوموا یوم السبت الا فیما افترض علیکم فان لم یجد احدکم الا لحاء عنبۃ اوعود شجرۃ فلیمضغہ

(ج) ترجمہ کریں۔ (7)

سوال نمبر4: عن ابن عباس قال ان رسول اللہ علیہ السلام قال اقرانی جبرئیل علی حرف فراجعتہ فلم ازل استزیدہ ویزیدنی حتی انتھی الی سبعۃ احرف قال ابن شھاب بلغنی ان تلک السبعۃ الاحرف انما ھی فی الامر تکون واحدا لا تختلف فی حلال ولا حرام

(الف) ترجمہ کریں نیز سبعۃ احرف کی مراد بیان کرتے ہوئے بتائیں کہ فی الامر میں امر سے کیا مراد ہے؟ (15)

عن ابی سعید الخدری ان النبی صلی اللہ علیہ قال ما من مسلم یدعو بدعوۃ لیس فیہا اثم ولا قطیعۃ رحم اعطاہ اللہ بہا احدی ثلث اما ان یعجل لہ دعوتہ واما ان یدخرھا لہ فی الاخرۃ واما ان یصرف عنہ من السوء مثلہا قالوا اذا نکثر قال اللہ اکثر

(ب) ترجمہ کریں۔ (10)

سوال نمبر5: عن عائشۃ قالت کنت اطیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاحرامہ قبل ان یحرم ولحلہ قبل ان یطوف بالبیت بطیب فیہ مسک کانی انظر الی وبیص الطیب فی مفارق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو محرم

(الف) ترجمہ کریں۔ (10)

عن ابن عمر قال سال رجل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما الحاج قال الشعث التفل فقام اخر فقال یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای الحج افضل قال العج والثج فقام اخر فقال یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما السبیل قال زاد وراحلۃ رواہ فی شرح السنۃ

(ب) ترجمہ کریں۔ (15)

تفسیر+عقائد

نوٹ: حصہ اول میں سے دونوں سوالات لازمی ہیں۔ جبکہ حصہ دوم میں سے کوئی سے 3 سوالات حل کریں۔

حصہ اول: تفسیر

سوال نمبر1: والله يقدر (يحصى) اليل والنهار علم ان (مخففة من الثقيلة واسمها محذوف اى انه) لن تحصوه (اى اليل لتقوموا فيما يجب القيام فيه الا بقيام جميعه و ذالک يشق عليكم) فتاب عليكم (رجع بكم الى التخفيف) فاقروا ما تيسر من القرآن (فى الصلاة بان تصلوا ما تيسر) علم ان (مخففة من الثقيلة اى انه) سيكون منكم مرضى واخرون يضربون فى الارض (يسافرون) يبتغون من فضل الله (يطلبون من رزقه بالتجارة وغيرها) واخرون يقاتلون فى سبيل الله

(الف) مذکورہ تفسیری عبارت پر اعراب لگا کر مکمل کریں۔ (10)

(ب) تفسیری عبارت میں کوئی چار اغراض مفسر بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر2: هل اتاک یا محمد حديث موسى (عامل فى) اذ ناداه ربه بالواد المقدس طوى (اسم الوادى بالتنوين وتركه فقال) اذهب الى فرعون انه طغى (تجاوز الحد فى الكفر) فقال هل لک (ادعوک) الى ان تزكى (وفى قراءة بتشديد الزى بادغام التاء الثانية فى الاصل فيها تطهر من الشرک بان تشهد ان لا اله الا الله) واهديک الى ربک (ادلک على معرفته بالبرهان) فتخشى (فتخافه) فاره الاية الكبرى (من اياته التسع وهى اليد او العصا) فكذب (فرعون موسى) وعصى (الله تعالى) ثم ادبر (عن الايمان)

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں۔ (6)

(ب) تفسیری عبارت میں کوئی چار اغراض مفسر بیان کریں۔ (10)

(ج) ید بیضاء و عصا کے علاوہ کوئی دو معجزات موسیٰ علیہ السلام تحریر کریں۔ (4)

حصہ دوم: عقائد

سوال نمبر3: (الف) نذر اولیاء و ذبح بابواب الاولیاء کی شرعی حیثیت واضح کریں۔ (10)

(ب) بیداری میں دیدار مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ممکن ہے یا نہیں؟ دلائل سے جواب کو مزین کریں۔ (6)

(ج) اذان علی القبر کے جواز کی کوئی ایک دلیل تحریر کریں۔ (4)

سوال نمبر4 (الف) جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جواز واہمیت کے دلائل اور اعتراضات کے جوابات زیب قرطاس کریں۔ (10)

(ب) نام مبارک صلی اللہ علیہ وسلم پر تقبیل ابھامین کی کوئی 2 دلیلیں تحریر کریں۔ (5)

(ج) بدعت حسنہ کی تعریف، ایک مثال اور حکم تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر5: (الف) قرآن و حدیث کی روشنی میں صحابہ کرام کے فضائل و مناقب قلمبند کریں۔ (10)

(ب) علم غیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دلائل اور چند اعتراضات کے جوابات تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر6: (الف) کیا بعد الوفات بھی اولیاء اللہ کی کرامات ثابت ہیں؟ دلائل دیجیے۔ (8)

(ب) کیا فوت شدہ اولیاء کرام کی طرف سے زندہ لوگوں کو کوئی نفع مل سکتا ہے؟ دلائل کیا ہیں؟ (8)

(ج) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت اور نورانیت کی ایک دلیل تحریر کریں۔ (4)

فقہ

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے، باقیوں میں سے کوئی سے 3 سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: الایمان علی ثلثۃ اضرب الیمین الغموس ویمین منعقدۃ ویمنین لغو

(الف) عبارت مذکورہ کا ترجمہ کریں نیز قسم کی تمام اقسام کی تعریفات مع الحکم بیان کریں۔ (7)

(ب) کن کن الفاظ سے قسم منعقد ہوگی؟ اور کن کن الفاظ سے قسم منعقد نہیں ہوگی؟ (6)

(ج) قسم کا کفارہ کیا ہوگا دلائل سے بیان کریں نیز شوافع اور احناف کا اختلاف کفارے کی کونسی قسم میں ہے واضح کریں۔ (12)

سوال نمبر 2: والاقرار ان یقر البالغ العاقل علی نفسه بالزنا اربع مرات فی اربع مجالس المقر کلما اقرّ ا ردّہ القاضی

(الف) نفس مسئلہ کی وضاحت کرتے ہوئے فوائد وقیودات بیان کریں۔ (12)

فاالبینۃ ان تشھد اربعۃ من الشھود علی رجل وامراۃ بالزنا

(ب) عبارت مذکورہ کا ترجمہ نیز زنا کی حد میں چار گواہ کیوں ضروری ہیں دلائل سے بیان کریں۔ (8)

(ج) امام مقر کو رجوع کی تلقین کیوں کرے گا؟ اور کیسے کرے گا؟ (5)

سوال نمبر 3: واذا سرق العاقل البالغ عشرۃ دراھم اومایبلغ قیمته عشرۃ دراھم مضروبۃ من حرزلا شبھۃ فیه وجب علیه القطع

(الف) عبارت مذکورہ کا ترجمہ وضاحت کریں نیز ائمہ کا اختلاف مع دلائل بیان کریں کہ مسروقہ کی کتنی مقدار ہوگی تو حد لگے گی۔ (13)

(ب) چوری کی حد میں آزاد اور غلام میں کیا فرق ہے واضح فرمائیں۔ (5)

(ج) کن کن صورتوں میں چوری کرنے سے حد قائم نہیں کی جائے گی کم از کم 7 صورتیں بیان کریں۔ (7)

سوال نمبر 4: ولا قطع علی النباش

(الف) نباش کے ہاتھ کاٹے جانے میں ائمہ کا اختلاف مع دلائل بیان کریں۔ (12)

